★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | ہفتہ 24 ذی الحج 1446ھ، 21 جون 2025ء 8 ہاڑ 2082پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 217

مہاجر ہونا کوئی جرم نہیں اپنی مٹی چھوڑنا بہت کرب کی مجبوری ہے، مریم نواز

پاکستان نے ہمیشہ محدود وسائل کے باوجود لاکھوں مہاجرین کی فراخ دلی سے میزبانی کی اور باعزت زندگی کا بندوبست کیا

پناہ گزین اپنے گھر، مٹی اور چھت کو زندگی بچانے کیلئے چھوڑنے پر مجبور ہوتے ہیں، پناہ گزین افراد کے عالمی دن پر پیغام



استنبول: نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینٹر محمد اسحاق ڈار سے ترکی میں پاکستان کے سفیر ڈاکٹر جنید ملاقات کر رہے ہیں

لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پناہ گزین افراد کے عالمی دن کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ مہاجر ہونا کوئی جرم نہیں، بلکہ ایک کربناک مجبوری ہے جسے اختیار نہیں کیا جاتا بلکہ حالات اسے مسلط کر دیتے ہیں۔ اپنے بیان میں مریم نواز نے کہا کہ کوئی بھی انسان شوق سے مہاجر نہیں بنتا، زندگی بچانے کے لیے اُسے اپنا آنگن، اپنی مٹی، اور اپنی چھت چھوڑنی پڑتی ہے۔ جنگیں ختم ہو جاتی ہیں لیکن مہاجرین کی بے گھری کئی (بقیہ نمبر 12)

پاسداران انقلاب نے اسرائیل کے خلاف مشترکہ حملوں کا ایک نیا مرحلہ شروع کر دیا

ایران (این این آئی) پاسداران انقلاب نے اسرائیل کے خلاف مشترکہ حملوں کے ایک نئے مرحلے کے آغاز کا اعلان کیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق پاسداران انقلاب کے بیان (بقیہ نمبر 3)

24 سے 48 گھنٹوں کے اندر امریکہ کی جنگ میں شمولیت کا دعویٰ

جنگ دو سے تین ہفتے جاری رہے گی اور امریکہ بھی شامل ہوا تو یہ چند دن ہی چلے گی، ذرائع

وہ شامل ہوں گے، لیکن کوئی بھی ان پر دباؤ نہیں ڈال رہا ہے: اسرائیلی اخبارس

تل ابیب (این این آئی) ایک اسرائیلی عہدیدار نے کہا ہے کہ تل ابیب کو اب بھی توقع ہے کہ امریکہ 24 سے 48 گھنٹوں کے اندر ایران کے خلاف حملوں میں شامل ہو جائے گا۔ ایک اسرائیلی اخبار سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا تو توقع ہے کہ وہ شامل ہوں گے، لیکن کوئی بھی ان پر (بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سولر سسٹم نے ملکی معیشت میں 2.6 فیصد حصہ ڈالا ہے، چودھری امانت بشیر

سولر سسٹم پر 18 فیصد ٹیکس کو مکمل طور پر واپس لیا جانا چاہیے، سینئر رہنما ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزر زایسوسی ایشن کے سینئر رہنما چودھری امانت بشیر نے کہا ہے کہ سولر سسٹم کے کاروبار نے ملکی معیشت میں 6 . 2 فیصد حصہ ڈالا ہے ،اگر (بقیہ نمبر 13)

ایران اسرائیل بحران کے پُرامن حل کیلئے پاکستان مؤثر کردار ادا کر سکتا ہے، وزیراعظم

وزیراعظم نے پختونخوا میں تنازعات کے متبادل حل، جرگہ سسٹم کی بحالی کا جائزہ لینے کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی، کمیٹی صوبے کے تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کر کے ایک ماہ کے اندر وزیراعظم کو تجاویز پیش کرے گی

پی این ایس سی کے بیڑے میں بحری جہاز کم ہونے کی وجہ سے سمندر کے راستے تجارت پر قومی خزانے سے سالانہ 4 بلین ڈالر کا قیمتی زر مبادلہ خرچ کرنا پڑ رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے خیبر پختونخوا میں تنازعات کے متبادل حل اور جرگہ سسٹم کی بحالی کا جائزہ (بقیہ نمبر 5)

اسلام آباد: (دنیا نیوز) وزیراعظم شہباز شریف نے پی این ایس سی کے بیڑے میں اضافے کیلئے لیزپر بحری جہاز لینے کی ہدایت کر (بقیہ نمبر 4)



اسلام آباد، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی سے سعودی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

کینال روڈ پر درختوں کی کٹائی کی اجازت نہیں دیں گے، لاہور ہائیکورٹ

اسموگ کے تدارک سے متعلق کیس کی سماعت 27 جون تک ملتوی، تمام متعلقہ فریقین سے رپورٹس طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے ماحولیاتی تحفظ سے متعلق کیس میں درخت کاٹنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم جاری کر دیا، جسٹس شاہد کریم نے کہا کہ خلاف ورزی کرنے والوں پر مقدمہ درج اور توہین عدالت کارروائی ہوگی۔ جسٹس شاہد کریم نے اسموگ کے تدار (بقیہ نمبر 7)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے ہاؤسنگ کی میاں ریاض حسین پیرزادہ سے ملاقات کر رہے ہیں

سندھ میں آبی کاشتکاری کو فروغ دینے کے لیے میرین فشریز ڈیپارٹمنٹ میں اہم اجلاس

کراچی (این این آئی) سندھ (بقیہ نمبر 7)

ای او بی آئی پنشنرز کی پنشن میں 15 فیصد اضافے کا نوٹی فکیشن جاری نہ ہو سکا

کراچی (این این آئی) ای او بی آئی شعبہ کے ریٹائرڈ اور معذور ملازمین اور ان کے لواحقین کو (بقیہ نمبر 9)

غربت اور پسماندگی عالمی امن کیلئے خطرہ، سلامتی کونسل میں پاکستان کا موقف

غربت، عدم مساوات اور بنیادی انسانی حقوق سے محرومی تنازعات کی بنیادی وجوہات ہیں، عاصم افتخار

ترقی، انسانی حقوق اور امن آپس میں جڑے ہوئے ہیں اور جب تک ان مسائل کا منصفانہ حل تلاش نہیں کیا جاتا

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں غربت، پسماندگی اور تنازعات کے عالمی امن پر اثرات سے متعلق مباحثہ ہوا۔ پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے موقف پیش کرتے ہوئے کہا کہ غربت، عدم مساوات اور بنیادی انسانی حقوق سے محرومی تنازعات کی بنیادی وجوہات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترقی، انسانی حقوق اور امن آپس میں جڑے ہوئے ہیں اور جب تک ان مسائل کا منصفانہ حل تلاش نہیں کیا (بقیہ نمبر 6)

ایران کے لیے سرپرائز تیار ہے، اسرائیلی وزیراعظم

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ ایرانیوں کے لیے حیرت انگیز چیزیں تیار کر لی گئی ہیں۔ ایرانی جوہری پروگرام کو تباہ کرنے میں " کسی بھی مدد (بقیہ نمبر 11)

پاکستان نے لاکھوں افغان بھائیوں کی میزبانی کی

وزیراعظم کا پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر خصوصی پیغام

امید ہے واپس جانے والے افغان خیرسگالی کیلئے پل کا کام کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے پناہ گزینوں کے عالمی دن کے موقع پر پیغام میں کہا کہ پاکستان نے لاکھوں افغان بھائیوں کی میزبانی کی ہے۔ وزیراعظم (بقیہ نمبر 14)



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز چودھری سالک حسین 'بڈاپسٹ پروسیس تھیمیٹک میٹنگ آن لیگل پاتھ ویز فار مائیگریشن' سے خطاب کر رہے ہیں

آزاد کشمیر کی تمام جامعات میں مالیاتی بحران کا خطرہ ہے، اسرار سعید قادری

مظفر آباد (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی میں مورخہ 18 جون 2025ء کو مالی سال 2025-26ء کا بجٹ پیش کیا (بقیہ نمبر 16)

انتہا پسندی اور عالمی طاقت بننے کی خام خیالی بھارت کیلئے سنگین خطرہ

نیویارک (این این آئی) مسلم دشمنی، ہندو انتہا پسندی اور عالمی طاقت بننے کی خام خیالی خود بھارت کیلئے سنگین خطرہ بن گئی ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق امریکی جریدے فارن افی ء (بقیہ نمبر 17)

مودی کے بھارت میں مسلمانوں کی مقدس املاک کو نشانہ بنانے کی منظم مہم جاری

نئی دلی (این این آئی) بھارت میں مودی کے زیر قیادت بی جے پی حکومت کی انتہا پسندانہ پالیسیوں کی وجہ سے مسلمانوں کی زندگی (بقیہ نمبر 18)

اسرائیل کا 30 ایرانی کمانڈروں کو قتل کر دینے کا اعلان

ایران پر حملوں کے دوران ہم نے ایرانی نیشنل انٹیلی جنس سروس کو سخت نشانہ بنایا، شلومی بینڈر

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی انٹیلی جنس چیف شلومی بینڈر نے آپریشن روم میں کہا کہ ا (بقیہ نمبر 19)

میڈیا رپورٹس کے مطابق شلومی بینڈر نے انکشاف کیا ہے۔ انہوں نے 30 ایرانی کمانڈروں کے قتل کا

ماجد خادمی پاسداران انقلاب کی انٹیلی جنس سروس کے چیف مقرر

تہران (این این آئی) ایران نے ماجد خادمی کو پاسداران انقلاب کی انٹیلی جنس سروس کا نیا سربراہ مقرر کر دیا۔ ایرانی میڈیا نے ماجد خادمی کو پاسداران انقلاب کی انٹیلی جنس سروس کا نیا سربراہ بنائے جانے سے متعلق اطلاعات دی (بقیہ نمبر 20)

ورلڈ بینک اور پنجاب حکومت کا ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے پر اتفاق

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی قیادت اور شفاف نگرانی پر ورلڈ بینک وفد نے بھرپور اعتماد ظاہر کیا

صحت، تعلیم، سماجی تحفظ، پانی اور ماحولیات سے متعلق منصوبوں پر مشترکہ پیش رفت پر اتفاق

لاہور (زیڈ این این) ورلڈ بینک اور حکومت پنجاب کے درمیان آئندہ 10 سالہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار تیز کرنے پر اتفا (بقیہ نمبر 21)

محکمہ داخلہ پنجاب میں میرٹ کی بالادستی، 5 افسران معطل

قوانین کی خلاف ورزی، اختیار سے تجاوز پر زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد جاری ہے، ترجمان

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو، اسسٹنٹ سپرنٹنڈنٹ، چیف وارڈر، ہیڈ وارڈر اور وارڈر معطل ہونے میں شامل

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق محکمہ داخلہ میں میرٹ کی بالادستی قائم۔ جیل قوانین کی خلاف ورزی اور اختیار سے تجاوز پر زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ داخلہ پنجاب نے ڈسٹرکٹ جیل اٹک میں قیدی پر تشدد میں ملوث (بقیہ نمبر 22)



وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس ہو رہا ہے

پنجاب بھر میں تھیٹرز یکم تا 13 محرم الحرام بند رکھنے کا اعلان

ادبی و ثقافتی تقریبات پر بھی پابندی، لاہور سمیت تمام اضلاع میں تھیٹر ہالز بند رہیں گے

پنجاب کونسل آف دی آرٹس نے نوٹیفکیشن جاری کر کے تمام سرگرمیاں معطل کر دیں، حکام

لاہور (زیڈ این این) پنجاب حکومت نے محرم الحرام کے احترام میں اہم فیصلہ کرتے ہوئے لاہور سمیت صوبے بھر کے تھیٹرز یکم محرم الحرام سے 13 محرم الحرام تک بند رکھنے کا اعلان کر دیا ہے۔ پنجاب کونسل آف دی آرٹس نے اس حوالے سے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے، جس کے مطابق نہ صرف تمام تھیٹر ہالز بند رہیں گے بلکہ اس دوران کسی قسم کی ادبی و ثقافتی تقریب کا انعقاد بھی نہیں کیا جائے گا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق یہ اقدام محرم الحرام کے تقدس اور امن و امان کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے (بقیہ نمبر 31)

حکومت پنجاب اور ورلڈ بینک کا ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے پر اتفاق

سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت ورلڈ بینک کے نمائندگان کے ساتھ اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس، شرکاء نے پنجاب کے دیہی علاقوں میں صاف پانی کی فراہمی کے پائیدار نظام پر خصوصی توجہ دینے پر اتفاق کیا

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف غیر ملکی سرمایہ کاری سے چلنے والے منصوبوں کی روزانہ بنیادوں پر نگرانی کر رہی ہیں اور ایک مربوط ڈیش بورڈ کے ذریعے ان کی پیش رفت کا باقاعدگی سے جائزہ لیا جاتا ہے: مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب اور ورلڈ بینک کے درمیان آئندہ 10 سال کے ترقیاتی منصوبے پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے پر اتفاق ہوگیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب کی زیر صدارت ورلڈ بینک کے نمائندگان کے ساتھ اعلیٰ سطح جائزہ اجلاس ہوا جس میں ورلڈ بینک کے تعاون سے جاری منصوبوں کی رفتار، پیشرفت اور درپیش (بقیہ نمبر 24)

وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس ہو رہا ہے

بھارت میں قیادت کا بحران، سول اور عسکری قیادت ابہام اور انتشار کا شکار

اسلام آباد (این این آئی) بھارت میں سول و عسکری قیادت کے درمیان خلا بڑھتا جا رہا ہے، جس سے کسی بھی بحرانی صورتحال میں (بقیہ نمبر 25)

بھارتی حکومت بیمار شبیر شاہ کے ساتھ ہمدردانہ سلوک کرے، محبوبہ مفتی

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی سربراہ محبوبہ مفتی نے بھارتی حکو (بقیہ نمبر 27)

حریت کانفرنس اور ڈیموکریٹک فریڈم فریڈم پارٹی کا طبی بنیادوں پر شبیر شاہ کی فوری رہائی کا مطالبہ

سرینگر (این این آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس اور جموں و کشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی نے غیر قانونی طور پر نظر (بقیہ نمبر 28)

پہلگام واقعہ کے بھارت کے پاس کوئی ثبوت نہیں، امر جیت سنگھ

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے اعزاز میں ٹرمپ کا ظہرانہ پاکستانیوں کو مبارک ہو، گفتگو

لندن (این این آئی) بھارتی انٹیلی جنس سروس کے سابق سربراہ امر جیت سنگھ نے تصدیق کی ہے کہ پہلگام واقعہ کے بھارت کے پاس کوئی ثبوت نہیں۔ میڈیا رپورٹس کے م طابق (بقیہ نمبر 26)



اسلام آباد: وفاقی وزیر سید عمران احمد شاہ اور چیئر پرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد ملاقات کے دوران سماجی تحفظ کے پروگراموں پر تبادلہ خیال کر رہے ہیں

ورلڈ بینک اور پنجاب حکومت کا ترقیاتی منصوبوں کی رفتار تیز کرنے پر اتفاق

خصوصی نشستیں کیا سپریم کورٹ کو پناہ اختیارات حاصل ہیں کوئی حد تو ہونی چاہیے آئینی بنچ

آپ پرانی تاریخ بیان کر رہے ہیں، سپریم کورٹ فیصلہ دیتی ہے تو یہاں ایسا بھی ہوا سیاست دانوں نے عمل نہیں کئے

بنیادی حقوق کی حفاظت کرے، یہ ذمے داری آئین نے دی ہے۔ جسٹس مندوخیل نے استفسار کیا کہ کیسے اس کیس میں آرٹیکل 187 لاگو ہوتا ہے؟

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ میں خصوصی نشستوں کے کیس کی سماعت کے دوران جسٹس جمال مندوخیل نے ریمارکس دیئے کہ کیا سپریم کورٹ کو بے پناہ اختیارات ہیں؟ کوئی حد تو ہونی چاہیے! جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 11 رکنی آئینی بنچ نے مخصوص نشستیں پی ٹی آئی کو دینے کیخلاف نظرثانی کیس کی سماعت کی، جس میں کنول شوذب کے وکیل سلمان اکرم راجہ نے اپنے دلائل آج بھی جاری رکھے۔ سلمان اکرم راجہ نے دلائل میں کہا کہ اس عدالت کی ذمے داری ہے کہ بنیادی حقوق کی حفاظت کرے، یہ ذمے داری آئین نے دی ہے۔ جسٹس مندوخیل نے استفسار کیا کہ کیسے اس کیس میں آرٹیکل 187 لاگو ہوتا ہے؟ جس پر وکیل نے کہا کہ اس بارے میں آگے جا کر تفصیلی سے بتاؤں گا، سپریم کورٹ کے پاس زیادہ اختیار ہے، سپریم کورٹ آرٹیکل 187 اور 184 کو اکٹھے (بقیہ نمبر 15)

شمالی اسرائیل میں زبردست دھماکے، 480 ایرانی ڈرونز کو روک لیا

ہم ایرانی سطح سے سطح پر مار کرنے والے میزائل لانچروں کو نشانہ بنا رہے ہیں، ترجمان فوج

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل اور ایران کے درمیان مسلسل ساتویں روز بھی محاذ آرائی جاری ہے۔ زبردست دھماکوں نے شمالی اسرائیل کو ہلا کر رکھ دیا۔ اسرائیلی فوج نے اعلان (بقیہ نمبر 23)



اسلام آباد، وفاقی وزیر برائے قانون، انصاف و انسانی حقوق، سینیٹر اعظم نذیر تارڑ سے بیلجیئم کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

فیلڈ مارشل عاصم منیر عالمی قیادت کے طور پر ابھر رہے ہیں، مشعل ملک

پاکستان اصولوں پر کھڑا ہے، کسی کے سامنے نہیں جھکتا، دشمن کی نیندیں حرام ہوگئیں

پاکستان کی آواز اب اقوام عالم کے ایوانوں میں گونج رہی ہے، اہلیہ یاسین ملک

اسلام آباد (این این آئی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر عالمی قیادت کے طور پر ابھر رہے ہیں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا استقبالیہ پاکستان کی عالمی عزت کا ثبوت ہے۔ اپنے بیان میں مشعال ملک نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو کشمیری اور (بقیہ نمبر 32)

خواجہ سراء ڈانسر تین نوجوانوں کی جنسی اجتماعی زیادتی، مقدمہ درج ملزم گرفتار

ساہیوال (این این آئی) کمبر موڑ اڈہ نور شاہ پر خواجہ سراء ڈانسر روشنی سے تین نوجوانوں کی جنسی اجتماعی زیادتی۔ مقدمہ درج ملزم گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق ناصر ٹاؤن گمبر کے خواجہ سراء ندیم روشنی کو کمبر موڑ اڈہ نور شاہ رات ساڑھے نو بجے علی عمران (بقیہ نمبر 33)

پالیسی ریٹ کو برقرار رکھنا منظوری کے مراحل میں موجود بجٹ پر منفی اثر ڈال سکتا ہے، خام حسین

ڈسکاؤنٹ ریٹ میں کمی نہ کی گئی تو بجٹ سرپلس کے ہدف پر بھی نظرثانی کی ضرورت پیش آسکتی ہے

لاہور (این این آئی) فاؤنڈر گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سٹون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹر کے رکن، سینئر نائب صدر فیروز پور روڈ بورڈ اور سابق ممبر لاہور چیمبر آف کامرس خادم حسین نے کہا ہے کہ پالیسی ریٹ کو برقرار رکھنا مالی سال 26-2025ء کے بجٹ پر جو ابھی منظوری کے مراحل میں ہے اس پر منفی اثرات ڈال سکتا ہے، حکومت نے آئندہ مالی سال کے لیے 738.677 ارب روپے کم شرح سود کا تخمینہ لگایا گیا ہے جو رواں مالی سال کے نظرثانی شدہ تخمینوں کے مقابلے (بقیہ نمبر 34)



کراچی: پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری استقبالیہ تقریب میں شریک ہیں

تحریک اتحاد بین المسلمین کا محرم الحرام کے حوالے سے 12 نکاتی اعلامیہ جاری

کسی صورت قادیانی یا دیگر غیر مسلم گروہوں کو اسلامی شعائر میں مداخلت کی ہرگز اجازت نہ دی جائے

محرم میں کسی مکتب فکر، شخصیت یا مقدسات کی توہین سے مکمل اجتناب کیا جائے، حافظ محمد زبیر ورک

لاہور (این این آئی) چیئرمین تحریک اتحاد بین المسلمین پاکستان حافظ محمد زبیر ورک، مرکزی رہنما حافظ عبدالوحید روپڑی، سرپرست اعلیٰ شکیل الرحمٰن ناصر، حافظ محمد عمیر ورک نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ تحریک اتحاد بین المسلمین پاکستان نے محرم الحرام 1447ھ کے آغاز پر ایک اہم اور بامقصد بارہ نکاتی اعلامیہ جاری کیا ہے جس میں عوام، علما، مشائخ اور ریاستی اداروں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس ماہ مقدس میں امن، رواداری اور وحدت امت کے پیغام کو عام کریں اور ہر قسم کے فرقہ وارانہ (بقیہ نمبر 30)

انڈین میڈیا جو بولتا ہے پی آئی کا پروپیگنڈہ سیل اسی چیز کو پھیلاتا ہے

بعض عناصر سوشل میڈیا پر سنسنی پھیلانے کے بعد نہ تو معذرت کرتے ہیں اور نہ ہی اپنی پوسٹس کو مناسب وضاحت کے ساتھ ہٹاتے ہیں

ان پروپیگنڈہ ٹرولز کے خلاف سخت اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ قومی سلامتی کو کسی قسم کا خطرہ لاحق نہ ہو، صوبائی وزیر اطلاعات کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بھارتی میڈیا جو بیانیہ اختیار کرتا ہے، وہی ہمارے ہاں مخصوص پروپیگنڈہ سیل آگے پھیلاتے ہیں، جو قومی مفاد کے خلاف انتہائی خطرناک رجحان ہے۔ پنجاب اسمبلی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بغیر تصدیق کے کسی بھی خبر کو سوشل میڈیا پر پھیلانا پروپیگنڈہ کے زمرے میں آتا ہے، اور یہ رویہ نہ صرف گمراہ کن ہے بلکہ قومی سلامتی کے لیے بھی نقصان (بقیہ نمبر 29)

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

موبائل سنیچنگ کرنے والا 2 رکنی گینگ گرفتار

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈولفن سکواڈ شادباغ کے علاقے سے گلی محلوں، خواتین بالخصوص بچوں سے موبائل سنیچنگ کرنے والا 2 رکنی گینگ گرفتار کرلیا تر جمان ڈولفن کے مطابق شادباغ ڈولفن ٹیم نے وارداتوں کی کال پر حلیہ جات کی بابت تعاقب کرکے گول باغ کے قریب موبائل چھیننے والے دونوں ملزمان عمر رضا اور عبدالرحمان کو راہ میں روک کر مزید وارداتوں کی بابت تفتیش کی تھی۔

سی سی ڈی کا جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

لاہور (رپورٹر علی سے) سی سی ڈی چوہنگ نے لاہور شہر میں وارداتوں میں ملوث 5 رکنی متحرک گینگ گرفتار کرلیا ملزمان سے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون اور تایئر تر جمان کے مطابق شادباغ ڈولفن ٹیم نے وارداتوں کی کال پر حلیہ جات کی بابت تعاقب کرکے گول باغ کے قریب سے ملزمان کو گرفتار کرلیا تحقیقات میں متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی سی سی ڈی کے سایہ کار وائیوں سے پنجاب بھر میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی آئی ہے۔

موٹروے پولیس کی کاروائی انتہائی بدبودار گوشت کی لاہور سپلائی کا ناکام

لاہور (کرائم رپورٹر) موٹروے پولیس کی کارروائی انتہائی بدبودار گوشت کی لاہور سپلائی ناکام کر فرحت کے لیے لائے جانے والا سانڈے 4 من بدبودار اور مضر صحت گوشت برآمد کرلیا تر جمان کے مطابق موٹروے پولیس نے ہائیر مینڈی کے قریب دوران ہیڈ بریک مشکوک گاڑی کا کنٹینر روکا تو گاڑی میں ڈولفن کے ہمراہ پہنچا یہ گوشت برآمد کرلیا گیا ملزمان نے 15 منٹ قبل شادباغ میں روڈ پر وارداتوں کی تھی۔

24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1353 ٹریفک حادثات پر رپورٹ کیا گیا

لاہور (خالد صوفی سے) کمانڈر محمد سرمد ڈیپارٹمنٹ نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1353 ٹریفک حادثات پر رپورٹ کیا گیا جس میں 717 افراد شدید زخمی ہوئے تھے جبکہ 637 افراد معمولی زخمی ہوگئے تھے جن میں سے 874 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل کیوں کے جائے حادثہ پر طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر نہ پہنچ سکی تھی اور ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (73 فیصد) موٹر سائیکل حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی روک تھام کی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم وضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد وشمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی ہیڈکوارٹر کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں

	9	7	8
زخمی	4	6	8
عمر	154	568	87
پیدل چلنے والے	82	73	30

عمر زائد، 568 سال اور 154 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد وشمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 222 ٹریفک حادثات کی فون کالز اور موٹر سائیکل ریم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی ہیلپ لائن 1736 پر 280 متاثرین کے ساتھ پہلے نمبر پر رہا جبکہ 114 حادثات میں 130 متاثرین کے ساتھ دوسرے نمبر پر رہا۔ 73 حادثات میں 82 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1601 متاثرین میں 1262 مرد اور 339 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونے والوں میں 249 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 900 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے اور 452 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔

زمین کے تنازع پر فائرنگ سے 03 افراد جاں بحق اور 03 زخمی

معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے آر پی او ڈی پی او خان سے رپورٹ طلب کرلی

لاہور (خالد صوفی سے) آئی جی پنجاب نے راجن پور پکی تنال کے قریب زمین کے تنازع پر فائرنگ سے 03 افراد جاں بحق اور 03 زخمی ہونے کے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے آر پی او ڈی پی او خان سے رپورٹ طلب کرلی ہے۔ آئی جی پنجاب نے ڈی پی او راجن پور فائرنگ میں ملوث ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا ہے کہ تحریک قتل میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے ہر ممکن کاوش کی جائے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ تنازعہ زمین کے معاملے پر ہونے والی فائرنگ کے نتیجہ میں 03 افراد کی ہلاکت افسوسناک ہے۔ ہر شہری کو قانون کے مطابق زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے۔ پولیس کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دے گی۔

محرم الحرام کی آمد کے پیش نظر پنجاب پولیس کے لاؤڈ اسپیکر صوبہ بھر میں سرچ، سویپ اور کومبنگ آپریشنز جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) محرم الحرام کی آمد کے پیش نظر پنجاب پولیس کے لاؤڈ اسپیکر صوبہ بھر میں سرچ، سویپ اور کومبنگ آپریشنز جاری ہیں جس کے تسلسل میں گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 451 کومبنگ آپریشنز، 18 ہزار 498 مشتبہ افراد کی چیکنگ اور 100 مشکوک افراد حراست میں لیے گئے۔ تر جمان پنجاب پولیس نے تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ 28 سرچ لائٹ سویپ آپریشنز کیے گئے۔ 2466 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی اور 04 مشتبہ افراد کو گرفتار کیا گیا۔ سیکیورٹی کے لئے 485 اشتہاری، 198 سابقی مفرور اور 112 عادی مجرمان بھی گرفتار کیے گئے۔ تر جمان پنجاب پولیس نے مزید بتایا کہ جرائم پیشہ افراد کے قبضے سے بڑی تعداد میں ناجائز اسلحہ اور گولیاں برآمد کی گئیں۔

مرحوم پیتھالوجسٹ کے اہلخانہ سے تعزیت کرنے والے ڈی جی خان کے ڈاکٹرز کا ہڑتال ختم کرنے کا اعلان

لاہور (خبرنگار) کنگ ایڈورڈ میڈیکل یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر اسد اسلم خٹک کے انتقال پر ڈی جی خان کے ڈاکٹرز کا ہڑتال ختم کرنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ ڈاکٹرز کا وفد مرحوم کے اہلخانہ سے تعزیت کرنے لاہور آیا تھا

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3)21 جون 2025ء

ننکانہ صاحب میں 550 مذہبی اقلیتی خاندانوں میں گرانٹس کی تقسیم

مذہبی اقلیتوں کا احساس شمولیت اور مساوی حقوق، وزیراعلیٰ پنجاب کا ویژن ہے۔ 08 ارب روپے کا فنڈ مذہبی اقلیتوں کی دیکھ بھال کے لیے رکھا گیا ہے۔ رمیش سنگھ اروڑہ



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان بھر) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے زیر سایہ ہر شہری کو مساوی حقوق اور تحفظ فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہم نے مذہبی اقلیتوں کو اکثر معاشرے میں پسماندہ محسوس کرتے ہوئے دیکھا ہے، اسی لیے ہم نے ان کے لیے خصوصی فنڈ مختص کیا ہے۔ ہم اقلیتوں کو ان کے جائز حقوق دلوانے کے لیے پُرعزم ہیں۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر نے ڈی سی آفس ننکانہ صاحب میں یاسر ہمایوں سندھو کی زیر صدارت مذہبی اقلیتوں کے نمائندوں سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی ننکانہ صاحب ڈاکٹر محمد عثمان، ڈی پی او شیخوپورہ ڈاکٹر فیصل کامران، ڈی او سی ننکانہ صاحب ڈاکٹر عبدالرحمان، ڈی او سی شیخوپورہ ڈاکٹر عبدالرحمان، اسسٹنٹ کمشنر ننکانہ صاحب ڈاکٹر عمیر ظفر، اسسٹنٹ کمشنر شیخوپورہ

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

کیا امریکہ، ایران اسرائیل جنگ میں کودنے والا ہے؟

صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیانات کے بعد یہ قیاس آرائیاں زور پکڑ رہی ہیں کہ امریکہ، ایران کے خلاف اسرائیل کی جنگ میں شامل ہوسکتا ہے۔ تاہم نہ تو امریکہ نے اس کا باقاعدہ اعلان کیا ہے اور نہ ہی ایران کی طرف صدر ٹرمپ کی طرف سے غیر مشروط سرنڈر کے مطالبے پر کوئی جواب سامنے آیا ہے۔

صدر ٹرمپ گزشتہ روز کینیڈا میں جی سیون کے دو روزہ اجلاس میں شریک تھے۔ البتہ کل شام ہی وہ اس اجلاس کو بیچ میں چھوڑ کر واشنگٹن واپس چلے گئے۔ انہوں سوشل میڈیا پر اپنے ایک پیغام میں فرانسیسی صدر میکرون کے اس بیان کو غلط قرار دیا کہ وہ ایران اسرائیل میں جنگ بندی کی کوئی تجویز سامنے لائے ہیں۔ میڈیا سے باتیں کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 'میں جنگ بندی نہیں کچھ بڑا چاہتا ہوں، میں یہ مسئلہ سرے سے ختم کرنا چاہتا ہوں'۔

اس بیان کے بعد سوشل میڈیا پر انہوں نے اعلان کیا کہ ہم نے ایران کی فضائی حدود کا مکمل کنٹرول حاصل کرلیا ہے' تھوڑی دیر بعد ایک نئے پیغام میں انہوں نے ایران کے رہبر اعلیٰ علی خامنہ ای کو مارنے کی براہ راست دھمکی دیتے ہوئے کہا کہ 'ہمیں معلوم ہے کہ نام نہاد رہبر اعلیٰ کہاں چھپے ہیں۔ وہ ایک آسان ہدف ہیں لیکن وہ ابھی محفوظ ہیں۔ ہم فی الحال انہیں نشانہ (ہلاک) نہیں بنا رہے'۔ اس کے ساتھ ہی ان کا کہنا تھا کہ 'لیکن ہم نہیں چاہتے کہ عام شہریوں یا امریکی فوجیوں پر میزائل داغے جائیں۔ ہماری برداشت جواب دے رہی ہے'۔ اس سلسلے کی آخری پوسٹ میں امریکی صدر نے 'غیر مشروط سرینڈر' کا مطالبہ کیا۔

ٹرمپ کے ان پیغامات کے بعد دنیا بھر میں یہ بحث ہو رہی ہے کہ کیا امریکہ، اسرائیل کی خواہش کے مطابق جنگ میں شامل ہونے والا ہے۔ عام طور سے خیال کیا جاتا ہے کہ اسرائیل کو ایران کے جوہری اثاثوں کو مکمل طور سے تباہ کرنے کے لیے فردو کے پہاڑوں میں 90 میٹر زیر زمین مرکز کو تباہ کرنا پڑے گا لیکن اسرائیل کے پاس ایسے مہلک ہتھیار نہیں ہیں۔ البتہ امریکہ کے پاس یہ ہتھیار موجود ہیں۔ اس ہتھیار کا نام جی بی یو 57 ایم او پی' ہے جسے انگریزی میں میسیو آرڈیننس پینیٹریٹر کہتے ہیں۔ اسے سپر بم کا نام بھی دیا جاتا ہے۔ تاہم اسے لے جانے اور نشانے پر پھینکنے کے لیے صرف ایک طیارہ ہی کارآمد ہے۔ جو ایک ساتھ ایسے دو بم لے جاسکتا ہے۔ یہ بمبار طیارے بھی امریکہ ہی کے پاس ہیں۔ امریکہ اگر اس جنگ میں شامل ہوتا ہے تو خیال کیا جاتا ہے کہ وہ فردو میں ایرانی تنصیبات کو نشانہ بنائے گا۔

ماہرین یہ طے نہیں کر پا رہے کہ صدر ٹرمپ نے آج براہ راست ایران کو دھمکیاں دینے والے پیغام کیوں جاری کیے۔ امریکہ چونکہ سپر پاور کہلاتا ہے، اس لیے کسی تجزیہ نگار کو یہ سوال اٹھانے کی ضرورت بھی محسوس نہیں ہوئی کہ امریکی صدر کی طرف سے ایک خود مختار ملک کے سب سے بڑے لیڈر کو ہلاک کرنے کی دھمکی، کیا ایک معمول کی سفارتی کارروائی ہے یا اسے دہشت گردی سمجھنا چاہیے۔ اس سے پہلے اسرائیل، ایران کے جرنیلوں اور سائنسدانوں کو مارنے کے لیے اپنے ایجنٹوں کے علاوہ اور گاڑیوں میں بارود نصب کر کے دھماکوں کے ہتھکنڈے استعمال کر چکا ہے۔ اس قسم کی اسرائیلی کارروائیوں کو بھی کسی ماہر یا مغربی تجزیہ نگار نے دہشت گردی کہنے کا حوصلہ نہیں کیا بلکہ اسے معمول کی جنگی کارروائی سمجھا جا رہا ہے۔ حالانکہ کسی فوجی کو عسکری کارروائی کے دوران مارنا تو جنگی اقدام ہوسکتا ہے لیکن گھر میں شہری کے طور پر زندگی گزارنے کے دوران اس پر حملہ مسلمہ بین الاقوامی جنگی اخلاقیات کے خلاف ہے۔ لیکن اسرائیل کی سرپرستی کے شوق میں کسی عالمی ضابطے یا اخلاق کی کوئی اہمیت باقی نہیں رہی۔

گزشتہ روز کینیڈا میں منعقد ہونے والی جی سیون کانفرنس میں امریکہ کے سوا باقی 6 ممالک یعنی کینیڈا، فرانس، جرمنی، اٹلی، برطانیہ اور جاپان، ایران اسرائیل جنگ بند کرانے کے حامی تھے۔ البتہ امریکہ کسی ایسے بیان کا حصہ بننے پر بھی آمادہ نہیں تھا جس میں صرف اس تنازعہ کو ختم کرنے کی بات کی جائے۔ آج ہونے والے اس حوالے سے جاری ہونے والے جی سیون کے بیان میں دونوں ملکوں سے جنگ بند کرنے کی اپیل کی گئی تھی تاہم اس کے ساتھ ہی اسرائیل کے 'حق دفاع' کا حوالہ بھی موجود تھا اور یہ بھی کہا گیا تھا کہ ایران کسی صورت ایٹمی ہتھیار نہیں بنا سکتا۔ اس کے باوجود وہائٹ ہاؤس کی طرف سے اشارہ دیا گیا کہ ٹرمپ اس بیان میں شریک نہیں ہیں۔ سوشل میڈیا پر امریکی صدر کے بیانات بھی اس موقف کی تائید کرتے ہیں۔

امریکہ بلاشبہ سپر پاور ہے لیکن دیگر مغربی ممالک ٹرمپ کی صدارت میں اس کی پالیسیوں سے شدید اختلاف کے باوجود کوئی دوٹوک موقف اختیار کرنے اور کسی طرح دنیا میں توازن قائم کرنے کا حوصلہ نہیں کرتے۔ جی سیون کا بیان درحقیقت امریکہ کے مقابلے میں باقی چھے ممالک کی مکمل بے بسی اور کمزوری کی عکاسی کرتا ہے۔ ایران کے خلاف اسرائیلی جارحیت کی دوسری بڑی وجہ تمام عرب ممالک کی خاموشی ہے۔ وہ اب بھی امریکہ کی چھتری تلے زندہ رہ کر ایران کی تباہی کا منظر دیکھ رہے ہیں۔ البتہ اگر امریکہ اس جنگ میں شامل ہوتا ہے اور اسرائیل و امریکہ کے ایجنٹ تہران میں حکومت تبدیل کرنے کی خواہش میں کامیاب نہیں ہوتے تو دیوار سے لگا ہوا ایران اگر کسی کے لئے سب سے زیادہ خطرناک ہوسکتا ہے تو وہ یہی امیر عرب ممالک ہیں جو بے شمار دولت کے باوجود، اتنا سفارتی رسوخ بھی نہیں رکھتے کہ امریکہ سے مطالبہ کرسکیں کہ وہ اسرائیل کو غزہ کے علاوہ ایران کے خلاف جارحیت سے روکے۔

ٹرمپ کے دھمکی نما بیانات کے بعد متعدد تجزیہ نگار یہ قیاس آرائیاں کر رہے ہیں کہ صدر ٹرمپ شاید اسرائیل کی براہ راست مدد کے سوال پر کوئی ایسا راستہ اختیار کرنا چاہتے ہوں کہ ایران خوفزدہ ہو کر شکست تسلیم کرلے اور جنگ بند کرنے پر آمادہ ہوجائے۔ اسی لیے بین السطور یہ اشارے بھی دیے گئے ہیں کہ صدر ٹرمپ اپنے خصوصی ایلچی اسٹیو وٹکوف یا نائب صدر جے ڈی وینس کو ایرانی قیادت سے بات چیت کے لئے مشرق وسطیٰ بھیجیں گے۔ تاہم ایسا کرنے سے پہلے وہ ایران کی طرف سے 'اعتراف شکست' یا اسرائیل پر میزائل حملے بند کرنے کا وعدہ چاہتے ہیں۔ جبکہ ایران نے اگرچہ بار بار سفارتی حل کی طرف اشارہ کیا ہے اور جوہری پروگرام پر بات چیت دوبارہ شروع کرنے کا اعلان بھی کیا جا رہا ہے لیکن موجودہ ایرانی قیادت یک طرفہ طور سے شاید اسرائیلی جارحیت کے مقابلے میں خاموشی اختیار کرنے پر آمادہ نہ ہو۔ ایران کا موقف رہا ہے کہ اسرائیل نے پہل کی ہے اور جارحیت کا آغاز کیا ہے، اس لیے اسے پہلے حملے بند کرنے ہوں گے۔ پھر ایران بھی جوابی کارروائی روک دے گا۔ البتہ اس سوال کا جواب بھی کسی کے پاس نہیں ہے کہ ایران کتنی دیر تک اسرائیل پر میزائل حملے جاری رکھ سکتا ہے۔

اس میں کوئی شبہ نہیں ہے کہ اسرائیلی حملوں نے ایران کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے۔ اس کی سب بڑی کامیابی ایرانی انٹیلی جنس کو ناکارہ کرکے اس کے فوجی لیڈروں اور سائنسدانوں کو ہلاک کرنا ہے۔ ایسے میں یہ سوال بھی کیا جاسکتا ہے کہ کیا ایران کی سیاسی قیادت میں کوئی اعلیٰ شخصیت بھی کمپرومائز ہوچکی ہے، جس کی بنیاد پر اسرائیل کے بعد اب امریکہ تہران میں حکومت تبدیلی کے اشارے دے رہا ہے۔ دوسری طرف اس تنازعہ کا یہ پہلو بھی قابل غور ہونا چاہیے کہ اسرائیل کی تاریخ میں کبھی بھی اسرائیلی لوگوں کو کسی دشمن کی طرف سے ایسے خطرے کا تجربہ نہیں ہوا۔ ایران میں پائی جانے والی افراتفری کے بارے میں بہت باتیں کی جاسکتی ہیں لیکن اس خوف کا اندازہ بھی کرنا چاہیے جو اسرائیل جیسے چھوٹے سے ملک کے باشندوں کو کسی بھی وقت آسمان سے برسنے والی آگ کی صورت میں لاحق ہے۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پیغام میں انہی ایرانی حملوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ 'ہماری برداشت جواب دے رہی ہے'۔

یہ تو واضح ہے کہ اسرائیل تن تنہا ایران کا مقابلہ کرنے کی سکت کھوتا جا رہا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ تسلسل سے ایران کی طرف سے ہونے والے میزائل حملے ہیں۔ اسی لیے اب امریکہ کو اس جنگ میں کودنے کی ضرورت محسوس ہو رہی ہے حالانکہ اگر امریکہ جنگ میں ملوث نہ ہو تو شاید اسرائیل خود ہی چند روز میں حملے بند کرنے پر مجبور ہوجائے۔

کسی بھی ماہر کے پاس اس سوال کا جواب نہیں ہے کہ کیا امریکہ واقعہ اس جنگ میں کود دے گا؟ البتہ اس سے بھی اہم سوال یہ ہے کہ اگر امریکہ جنگ میں شامل ہوا تو مشرق وسطیٰ میں حالات کیا رخ اختیار کریں گے؟ کوئی بھی ایسی ممکنہ صورت حال کا اندازہ کرنے سے قاصر ہے۔

بعد از جدیدیت کس بلا کا نام ہے؟ قسط 1

یاسر پیرزادہ

خدا بھلا کرے سارتر کا، ایسا فلسفی تھا کہ جس کا فلسفہ وجودیت تو سمجھ میں نہیں آتا تھا مگر یار لوگ ہر محفل میں اُس کا نام یوں لیتے تھے جیسے Being and Nothingness انہوں نے گھول کر پی ہوئی ہو۔ اُس زمانے میں ہم بالکل ہی بالکے تھے، ویسے تو اب بھی کوئی افلاطون نہیں مگر اُس وقت تو نرے گاؤدی تھے، ہونقوں کی طرح اُن سب کی شکلیں دیکھتے اور سوچتے تھے کہ اِس قدر پڑھی لکھی دنیا میں ہمارا کیا بنے گا، وہ تو بعد آشکار ہوا کہ وہ سب 'میبل اور میں' تھے۔

ہوا یوں کہ ایسی ہی ایک محفل میں وجودیت پر گفتگو شروع ہوگئی، ایک صاحب نے بڑھ چڑھ کر ایسے ایسے وجودی وار کیے کہ مجھ ایسے تو پہلے ہلّے میں ہی ڈھیر ہوگئے۔ محفل برخواست ہوئی تو میں نے ڈرتے ڈرتے پوچھا کہ کیا اُن کے پاس Being and Nothingness کی کاپی ہے، انہوں نے ہاں کا قہقہہ لگایا جس کا بین السطور مطلب یہ تھا کہ بچے کیا بات کر دی، سارتر نے Cafe de Flore میں اپنے دوستوں کے ساتھ وہ کتاب پیش کی تھی۔ یہ اور بات ہے کہ موصوف نے کبھی چونا منڈی لاہور سے باہر قدم نہیں رکھا تھا۔

اُس کے بعد کمال شفقت سے انہوں نے اپنی الماری سے وہ کتاب نکال کر مجھے دی اور کہا کہ اِس کا فرانسیسی نسخہ اُن کے پاس نہیں۔ خیر، ایک روز جی کڑا کر کے کتاب کھولی، پہلا صفحہ پڑھنے کی کوشش کی، کچھ سمجھ نہیں آیا، اُس کے بعد صفحے پلٹتا چلا گیا اور یہ دیکھ کر حیرت کی انتہا نہ رہی کہ وہ کتاب شروع سے آخر تک اُس کنواری لڑکی کی طرح پَوتر تھی جسے کبھی کسی مرد نے چھوا نہ ہو، نہ کسی جملے پہ نشان نہ کسی صفحے پر شکن۔ دو ہفتے بعد میں نے شکریے کے ساتھ کتاب اُن صاحب کو واپس کر دی۔

اب زمانہ بدل گیا ہے، سارتر آؤٹ آف فیشن ہو چکا ہے، یہ پوسٹ ماڈرن اِزم کا دور ہے، آج کل مباحث میں بعد از جدیدیت کی اِس ترکیب کا استعمال اکسیر سمجھا جاتا ہے، لہٰذا میں نے بھی سوچا کہ اِس پر طبع آزمائی کی جائے۔ ژاک دریدہ اور مائیکل فوکو کا نام تو سب نے سُن رکھا ہوگا، گزشتہ دنوں ایک اور صاحب کا فلسفہ نظر سے گزرا جن کا نام Jean François Lyotard تھا جاری ہے

پاکستان میں آئین اور زمینی حقائق کا فرق

خالد شہزاد (لاہور)

پنجاب کے وزیر برائے انسانی حقوق و اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ کا انگریزی اخبارات میں اقلیتوں کے حقوق برابری پر زور دینا، اور ساتھ ہی سندھ اسمبلی میں روما مشتاق کے بیان سے ''خدا کا بیٹا'' جیسے الفاظ کے حذف ہونے کا واقعہ، یا جڑانوالہ میں مسیحیوں پر تشدد کے مرتکب افراد کا بری ہو جانا۔ یہ تمام واقعات پاکستان میں اقلیتوں کی صورتِ حال کے ایک پیچیدہ اور المناک تضاد کی نشاندہی کرتے ہیں: آئینی وعدوں اور عملی نفاذ کے درمیان گہری خلیج۔

آئین اور قانون: روشن وعدے

پاکستان کا آئین اور قانونی ڈھانچہ اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کے لیے کافی واضح اور روشن خیال نظر آتا ہے:

آرٹیکل 20: ہر شہری کو اپنے مذہب کی پیروی، عمل اور تبلیغ کا حق حاصل ہے۔

آرٹیکل 21: کسی شخص کو اس کے مذہب پر عمل کرنے پر ٹیکس ادا کرنے پر مجبور نہیں کیا جاسکتا۔

آرٹیکل 22: تعلیمی اداروں میں اقلیتی طلبہ کو اپنے مذہب کی تعلیم حاصل کرنے یا مذہبی تقریبات میں شرکت سے روکا نہیں جا سکتا۔

آرٹیکل 25: قانون کے سامنے سب مساوی ہیں اور قانون کی مساوی حفاظت کے حقدار ہیں۔

آرٹیکل 36: ریاست اقلیتوں کے جائز حقوق و مفادات کا تحفظ کرے گی۔

قومی اقلیتی کمیشن ایکٹ 2020: اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ایک کمیشن قائم کیا گیا۔

ان شقوں کے مطابق، روما مشتاق کو اسمبلی میں اپنے عقیدے کے مطابق ''خدا کا بیٹا'' کہنے کا پورا حق تھا۔ جڑانوالہ کے مسیحیوں کو ان کے گھروں، عبادت گاہوں اور جان و مال کا مکمل تحفظ حاصل ہونا چاہیے تھا، اور مجرموں کو سزا ملنی چاہیے تھی۔ وزیر اروڑہ کے بیانات انہی آئینی ضمانتوں کی بازگشت ہیں۔

زمینی حقائق: تلخ سچائیاں

لیکن عملی صورت حال اکثر اس آئینی فریم ورک سے بہت مختلف نظر آتی ہے:

1۔ مذہبی اظہار پر پابندیاں اور خوف: سندھ اسمبلی کا واقعہ ایک چھوٹی سی جھلک ہے۔ اقلیتی برادریوں کے اراکین اکثر خوف یا مصلحت کی بنا پر اپنے عقائد کا کھل کر اظہار کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ کسی بھی بیان کو ''توہین مذہب'' کے الزام کی نظر ہونے کا خدشہ مستقل موجود رہتا ہے۔

2۔ توہین مذہب کے قوانین کا غلط استعمال: بلاشبہ قوانین اکثر ذاتی دشمنیوں، زمینی تنازعات یا اقلیتوں کو ہراساں کرنے کے لیے ہتھیار کے طور پر استعمال ہوتے ہیں، جس کا خوف انہیں خاموش رہنے پر مجبور کر دیتا ہے۔

3۔ عدالتی نظام میں ناکامیوں اور تعصبات کا شکار ہونا: جڑانوالہ کیس جیسے واقعات میں مجرموں کا بری ہو جانا (جو اکثر ثبوتوں کی کمی، دباؤ یا عدالتی عمل میں سست روی کی وجہ سے ہوتا ہے) انصاف کے نظام پر اقلیتوں کے اعتماد کو شدید نقصان پہنچاتا ہے۔ انہیں یقین ہو جاتا ہے کہ قانون ان کی حفاظت نہیں کرتا۔

4۔ معاشرتی تعصب اور تشدد: ہندوؤں، مسیحیوں، احمدیوں اور دیگر اقلیتی گروہوں کے خلاف جبری تبدیلی مذہب، اغوا، جائیداد ہتھیانے، عبادت گاہوں پر حملے اور سماجی بائیکاٹ جیسے واقعات بدستور رپورٹ ہوتے ہیں۔ یہ معاشرے میں گہرائی تک سرایت کرے ہوئے تعصب کی علامت ہیں۔

5۔ سیاسی عہدوں پر محدود اثر رسوخ: اگرچہ اقلیتوں کے لیے مخصوص نشستیں موجود ہیں، لیکن ان اراکین کی اکثریت کی حکومتی جماعتوں کے ساتھ وابستگی اکثر انہیں اپنی برادری کے حقیقی مسائل پر موثر آواز اٹھانے سے روکتی ہے۔

لفظی آزادی: ایک نامکمل تصویر

اس پس منظر میں، وزیر اروڑہ کے بیانات، اگرچہ اہم اور حوصلہ افزا تو ہیں لیکن صرف ''لفظی آزادی'' (Rhetorical Freedom) کی حد تک ہیں۔ یہ بیانات:

آئینی اصولوں کی توثیق تو کرتے ہیں، لیکن اکثر ان عملی چیلنجز سے نمٹنے میں ناکام رہتے ہیں جن کا سامنا اقلیتی برادریاں کر رہی ہیں۔

حکومتی موقف کی نمائندگی کرتے ہیں، لیکن زمینی سطح پر ان کے موثر نفاذ کی ضمانت نہیں دیتے۔

امید کی کرن ضرور دکھاتے ہیں، لیکن جب تک ان کے ساتھ عملی اقدامات (جیسے توہین مذہب کے قوانین میں اصلاحات، مجرموں کو سزا دلوانے کے لیے مضبوط عدالتی کارروائی، اقلیتی امور سے متعلق اداروں کو حقیقی اختیارات دینا، تعلیمی نصاب میں رواداری کو فروغ دینا، اور فرقہ وارانہ تشدد کے خلاف صفر رواداری کی پالیسی) نہیں ہوتے، یہ بیانات اکثر بے اثر محسوس ہوتے ہیں۔

نتیجہ: وعدوں سے عمل کی طرف سفر

یہ کہنا کہ پاکستان میں اقلیتوں کو آئین و قانون کے مطابق ''برابر کے حقوق میسر ہیں''، ایک نامکمل بیان ہوگا۔ حقوق کاغذ پر موجود ہیں، لیکن ان کا حصول اور تحفظ اکثر نامکمل، غیر یقینی اور چیلنجوں سے بھرپور ہے۔

روما مشتاق کے الفاظ کا حذف ہونا اور جڑانوالہ کے مجرموں کا بری ہو جانا اس بات کی واضح علامت ہے کہ آئینی تحفظات عملی طور پر کس طرح کمزور پڑ جاتے ہیں۔ اقلیتوں کی حقیقی آزادی اور برابری صرف بیانات سے نہیں، بلکہ مندرجہ ذیل اقدامات سے ممکن ہوگی:

آئین میں دیے گئے حقوق کا مستقل، بلا خوف و خطر اور موثر نفاذ۔

توہین مذہب کے قوانین میں واضح اور غیر متعصبانہ تعریف اور ان کے غلط استعمال کو روکنے کے لیے سخت اقدامات۔

عدالتی نظام میں اصلاحات تاکہ اقلیتوں کے خلاف جرائم میں فوری اور غیر جانبدارانہ انصاف یقینی بنایا جاسکے۔

فرقہ وارانہ تشدد کے خلاف صفر رواداری کی پالیسی کا سختی سے نفاذ۔

تعلیمی نصاب اور معاشرتی رویوں میں رواداری، برداشت اور انسانی وقار کی قدریں فروغ دینا۔

وزیر اروڑہ کو بیانات کا استحقاق ہے، لیکن ان کا اصل امتحان یہ ہے کہ وہ زمینی حقائق کو بدلنے اور ان آئینی وعدوں کو حقیقت میں ڈھالنے میں کتنا موثر ثابت ہوتے ہیں۔ اقلیتوں کو مکمل اور بلاخوف برابری کا حق دلانے کا سفر تب ہی مکمل ہوگا جب آئین کے الفاظ صرف کاغذوں پر نہیں، بلکہ پاکستان کی ہر گلی، ہر عدالت، ہر اسمبلی اور ہر شہری کے دل و دماغ میں جگہ پالیں گے۔ یہ سفر مشکل ضرور ہے، لیکن ایک جمہوری اور منصفانہ پاکستان کے لیے ناگزیر ہے۔

سندھ اسمبلی میں روما مشتاق کے بیان کے حذف ہونے کا واقعہ پیپلز پارٹی کی سیاسی مصلحت پسندی اور آئینی اصولوں کے درمیان گہرے تضاد کو ظاہر کرتا ہے۔ اس سوال کے متعدد پہلوؤں کا جائزہ درج ذیل ہے:

1۔ واقعے کی تفصیل اور آئینی خلاف ورزی

روما مشتاق نے اسمبلی میں اپنے عقیدے کے مطابق ''خدا کا بیٹا'' کا لفظ استعمال کیا، جس پر جماعت اسلامی کے اراکین کے اعتراض کے بعد سپیکر آغا سراج درانی (پی پی پی) نے اسے کارروائی سے حذف کروا دیا۔

یہ عمل آئین پاکستان کے آرٹیکل 20 کے واضح خلاف ہے، جو ہر شہری کو مذہبی اظہار کی آزادی کا حق دیتا ہے۔ نیز آرٹیکل 36 اقلیتوں کے حقوق کے تحفظ کا حکم دیتا ہے۔

2۔ پی پی پی قیادت کی خاموشی کے اسباب

سیاسی مصلحتیں: پی پی پی سندھ میں 16 سال سے برسر اقتدار ہے، لیکن اس کی حکمرانی کرپشن، نااہلی اور بیرونی دباؤ (خاص طور پر مذہبی جماعتوں) کے سامنے جھکنے کی وجہ سے تنقید کا نشانہ بنتی رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ خود تسلیم کر چکے ہیں کہ تعلیم اور صحت کے شعبوں کی حالت ''خراب'' ہے۔

مذہبی دباؤ: 2024 کے انتخابات میں پی پی پی نے قدامت پسند ووٹ بینک کو برقرار رکھنے کے لیے مذہبی جماعتوں کے ساتھ مفاہمت کی پالیسی اپنائی ہے۔ روما مشتاق کے معاملے میں خاموشی اسی حکمت عملی کا حصہ لگتی ہے۔

اقلیتوں کے لیے علامتی حمایت: پی پی پی نے رمیش سنگھ اروڑہ جیسے اقلیتی وزراء کے بیانات کو فروغ دیا ہے، لیکن عملی اقدامات (جیسے جڑانوالہ کے مسیحیوں کو انصاف دلوانا) ناکام رہے۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اقلیتوں کی حمایت محض ''لفظی آزادی'' (Rhetorical Freedom) تک محدود ہے۔

3۔ قیادت کا ممکنہ ردعمل: ''نوٹس'' لینے کے امکانات

صورت حال 1: رسمی مذمت بغیر عملی اقدام کے

پی پی پی سندھ اسمبلی میں واضح اکثریت (تقریباً 100 اراکین) رکھتی ہے، لیکن اس کے باوجود سپیکر کی کارروائی پر خاموشی اختیار کی گئی۔ اگر قیادت نوٹس لیتی بھی ہے تو ممکنہ طور پر یہ ایک بیانیہ جاری کرنے یا داخلی تفتیش تک محدود رہے گا، جس کا کوئی عملی نتیجہ نہیں نکلے گا۔ ایسے معاملات میں پارٹی ''آئین کی بالادستی'' کے دعوے تو کرتی ہے مگر عملاً مذہبی دباؤ کے آگے ہتھیار ڈال دیتی ہے۔

صورت حال 2: مکمل نظر انداز

پی پی پی فی الحال وفاقی حکومت کے ساتھ کشمکش (مثلاً پانی کے تنازعات) اور سندھ میں اپنی مقبولیت میں کمی جیسے مسائل سے نمٹنے میں مصروف ہے۔ ان حالات میں روما مشتاق جیسے واقعات کو ''غیر ترجیحی'' سمجھا جاسکتا ہے۔ پارٹی کی تاریخ بتاتی ہے کہ وہ سیاسی بحرانوں میں اقلیتی حقوق کو نظر انداز کرتی آئی ہے۔

4۔ سندھ اسمبلی کے نظام کی کمزوریاں

سپیکر کی جانب داری: سپیکر آغا سراج درانی پہلے بھی اپوزیشن کو بولنے کا موقع نہ دینے، اسمبلی اجلاس ملتوی کرنے اور پی پی پی کے مفادات کو ترجیح دینے پر تنقید کا نشانہ بن چکے ہیں۔ ایم کیو ایم کے رہنما خالد مقبول صدیقی کے مطابق سندھ اسمبلی میں ''اپوزیشن کو اہمیت نہیں دی جاتی''۔

اقلیتی نمائندگی کا ڈھونگ: پی پی پی نے 2024 کے انتخابات میں شام سندر ایڈوانی جیسے نئے اقلیتی چہرے متعارف کروائے، لیکن ان کی پالیسیاں زمینی سطح پر اثر انداز نہیں ہوتیں۔ مثال کے طور پر سندھ میں 78 لاکھ بچے اسکولوں سے باہر ہیں اور 44٪ گھرانوں کو گیس کی سہولت میسر نہیں۔ ان مسائل پر اقلیتی اراکین موثر آواز نہیں اٹھا

اگر پاکستان وجود میں نہ آیا تو مشرق وسطیٰ اور مسلمان ممالک آزادی کی حقیقی نعمت سے مستفید نہیں ہوسکیں گے۔ انڈیا کا امپیریلسٹ طاقت کے طور پر کا اثر و رسوخ مشرق وسطیٰ سے ہوتا ہوا مصر تک موجود ہوگا اور اگر پاکستان قائم ہوگیا تو ایک توازن قائم رکھنے والی ریاست موجود ہوگی۔

اس حقیقت سے تو سرے سے انکار ممکن ہی نہیں ہے کہ پاکستان کی وجہ سے مشرق وسطیٰ اور کو ایک قابل اعتماد حلیف میسر آ گیا ہے۔ ایک عرب ملک کے سفیر نے مجھ سے کہا تھا کہ پاکستان درحقیقت عالم اسلام کی سپر پاور ہے اور پاکستان کو اس حوالے سے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ حالیہ ایران اسرائیل تصادم کرب ناک واقعات کا تسلسل ہیں۔ جس میں خوش آئند یہ امر ہے کہ ایران کی جوہری تنصیبات کو نقصان پہنچانے میں اسرائیل تادم تحریر ناکام ہو چکا ہے اور اس تنازعہ میں پاکستان نے جو مثبت کردار ادا کیا ہے وہ پورے عالم اسلام میں سراہا جا رہا ہے۔

ضرورت صرف اس امر کی ہے کہ پاکستان کو چاہیے وہ ڈی ایٹ تنظیم کی مانند ہو یا او آئی سی جیسی کوئی تنظیم کے حوالے سے کام کرنا چاہیے کہ پاکستان اور دیگر مسلمان ممالک کے مابین ہر حوالے سے تعاون کو کیسے بڑھایا جاسکتا ہے۔ عرب ممالک بہت بڑا دفاعی بجٹ رکھتے ہیں مگر بدقسمتی سے اس دفاعی بجٹ کے اثرات ان کے دفاع پر نظر نہیں آتے ہیں۔ اگر پاکستان اور یہ ممالک کوئی سلامتی کا باہمی معاہدہ کر لیں تو ایسی صورت میں ان کے دفاعی بجٹ کا استعمال حقیقی معنوں میں ان کے دفاع کے لئے موثر ثابت ہوسکتا ہے اور اگر اسرائیل کے تازہ اقدامات کے باوجود مسلمان ممالک کبوتر کی مانند آنکھیں بند کر کے بیٹھے رہے تو پاکستان کے لئے اسرائیل تیار بیٹھا ہوا ہے کہ یا تو میری چودھراہٹ کو مانو یا میں تم کو روندنے کے لئے ہر اخلاقیات کو پامال کرنے کے لئے آمادہ بیٹھا ہوں۔

قائداعظم کا سفر قاہرہ

محمد مہدی

جب کیبنٹ مشن پلان کو مسلم لیگ اور کانگریس نے قبول کرلیا مگر اس کے بعد نہرو نے اس پلان کو من مانے معنی پہنانا شروع کر دیے تو اس پلان کو من و عن نافذ کرنے کے حوالے سے اپنا نکتہ نظر پیش کرنے کی غرض سے قائداعظم نے برطانیہ کا سفر کیا خیال رہے کہ کانگریس کی جانب سے پنڈت نہرو بھی ساتھ ہی برطانیہ روانہ ہوئے تھے مگر نہرو یا کانگریس جو بھی کہہ لیجیے کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے یہ دورہ بھی ناکام ہوگیا تھا تو وطن واپسی کرتے ہوئے قائداعظم نے مصر میں قیام کرنے کا فیصلہ کیا۔

یہ وہ دور تھا کہ جب مصر ہو یا برطانوی ہند اپنی آزادی کی جانب گامزن تھے۔ مصر میں شاہ فاروق کی حکومت سے اینگلو مصری معاہدہ کیا جا رہا تھا اور قائداعظم کی نظریں یہ اچھی طرح سے دیکھ رہی تھی کہ چاہے برطانوی ہند ہو یا مصر، اس وقت جو بھی فیصلہ کیا گیا، جس بھی معاہدے کے پابند ہو گئے اس کے اثرات صرف اس ملک تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ تمام عالم اسلام اس کے اثرات کے تحت اپنے آنے والے ماہ وسال کو گزارے گا۔

قائداعظم سے مصر کے وزیر اعظم نقراشی پاشا ملاقات کے لئے ان کے پاس شیفرڈ ہوٹل آئے اور قائداعظم نے ان کو تحریری طور پر وہ شرائط دیں جو کہ مصر کو ہر صورت تسلیم کرانی چاہیے تھی۔ وزیر اعظم مصر قائداعظم کی یہ تحریر لے کر مصر کے بادشاہ شاہ فاروق کے پاس گئے اور اسی سہ پہر دوبارہ شاہ فاروق کے خط کے ساتھ قائداعظم سے ملاقات کے لئے دوبارہ آ گئے۔ قائداعظم نے اس وقت ہی مصر کے بادشاہ کے خط کا جواب تحریر کر دیا کیوں کہ قائداعظم نے قاہرہ صرف تین روز ٹھہرنا تھا اس لئے جواب میں تاخیر ممکن نہیں تھی۔ اس دورے کے دوران قائداعظم نے پاکستان کے قائم ہونے کی ضرورت کے حوالے سے اسٹریٹجک وجوہات کا ذکر کیا۔ انیس دسمبر انیس سو چھیالیس کو لبرل کانسٹیٹیوشنل پارٹی مصر نے قائداعظم کے اعزاز میں ایک چائے کی دعوت کا اہتمام کیا۔ اس دعوت میں قائداعظم نے فرمایا کہ ''اگر آپ اپنے گھروں میں آزاد رہنا چاہتے ہیں تو آپ کو چاہیے کہ آپ ہماری امداد کریں''

قائداعظم نے مزید فرمایا کہ ایسی کوئی مسلمان یا عرب ریاست نہیں جسے صحیح معنوں میں آزاد کہا جاسکتا ہو۔ بلکہ یہ کہ ایران جو صدیوں سے آزاد رہ چکا ہے اب اپنی آزادی کھو چکا ہے۔ بنابریں میں آپ سے اپیل کرتا ہوں کہ مصر اور مشرق وسطیٰ کے دیگر اسلامی ممالک کے مسلمان، مسلمانان ہند کے حصول پاکستان کے مقصد میں امداد و اعانت کریں۔ اسی دورے کے دوران اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے قائداعظم نے فرمایا کہ میں چاہتا ہوں کہ مصر کے مسلمان یہ سمجھ لیں کہ ہمارا پاکستان حاصل کر لینا خود مصر کے لئے کس قدر مفید ہوگا، صرف پاکستان مل جانے کی صورت میں ہم یعنی ہندوستان اور مصر کے مسلمان قطعی طور پر آزاد ہو سکیں گے ورنہ ہندو سرمایہ داروں کی دست درازیاں مشرق وسطیٰ تک پہنچ جائیں گی۔

اینگلو امریکن کمیٹی نے فلسطین کے حوالے سے ایک رپورٹ شائع کی تھی اس پر قائداعظم نے یکم مئی 1946ء کو ایک بیان جاری کیا تھا۔ قائداعظم نے فرمایا تھا کہ ''اینگلو امریکن کمیٹی نے فلسطین پر جو رپورٹ شائع کی ہے اور جو آج اخباروں میں شائع ہوئی ہے وہ میں نے دیکھی، میں اس پر صرف یہی کہہ سکتا ہوں کہ یہ ان وعدوں کی سراسر خلاف ورزی اور حد درجہ بد عہدی ہے جو عربوں سے کیے گئے تھے اس کو دیکھ کر مجھے بڑا صدمہ پہنچا ہے یہ شرانگیز سفارشات جن کو روبہ عمل لانے کی کوشش کی جا رہی ہے ان کو عرب اور مسلمانان عالم ہرگز قبول نہیں کریں''

قیادت کا حق صرف اس کو حاصل ہوتا ہے اور وہ ہی قیادت کا اہل ہوتا ہے کہ جو صرف اپنے سامنے کے واقعات پر نظر نہ رکھے بلکہ آنے والی صدیاں اس کے سامنے کھلی کتاب کی مانند ہو۔ قائداعظم نے اس وقت یہ بت

قوت

SPORTS





لاہور: سپورٹس ڈیپارٹمنٹ پنجاب کے زیر اہتمام پنجاب اسٹیڈیم میں وزیر اعلی پنجاب سمر گیمز انٹر ڈویژن کیڈی کے فائنل میچ کا منظر

بابر اعظم دو دن کی ٹریننگ کے بعد اسکلز ڈیولپمنٹ کیمپ سے چلے گئے

لاہور(این این آئی) قومی کرکٹرز کا این سی اے اسکلز ڈیولپمنٹ کیمپ جاری ہے، سابق کپتان بابر اعظم دو دن کی ٹریننگ کے بعد کیمپ سے چلے گئے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بابر اعظم پہلے سے طے شدہ کمٹ منٹ کی وجہ سے بیرون ملک روانہ ہو گئے تھے۔ ذرائع نے بتایا کہ بابر اعظم کیمپ کی انتظامیہ اور پی سی بی کو بتا کر بیرون ملک گئے ہیں۔ واضح رہے کہ بابر اعظم اسکلز ڈیولپمنٹ کیمپ کے پہلے مرحلے کے کھلاڑیوں میں شامل تھے کیمپ کے پہلے مرحلے میں ابرار احمد، احمد دانیال، بابر اعظم، حسن نواز، معاذ صداقت، محمد عباس آفریدی، عامر جمال، محمد حارث، محمد نواز، محمد رضوان، نسیم شاہ، صاحبزادہ فرحان، صائم ایوب، سلمان مرزا اور سفیان مقیم شامل ہیں۔



لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر پنجاب اسٹیڈیم میں وزیر اعلی پنجاب سمر گیمز کے اسٹر ڈویژن مرحلے کی اختتامی تقریب کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستانی ای گیمر عاطف بٹ نے ٹیکن ایٹ سی ای اوٹو رنامنٹ جیت لیا

عاطف بٹ نے عمدہ کھیل پیش کر کے کوریا کے کھلاڑی کو شکست دے کر ٹورنامنٹ میں کامیابی حاصل کی

ٹیسٹ کرکٹ کی 147 سالہ تاریخ بدلنے پر غور شروع

واشنگٹن (این این آئی) پاکستانی ای گیمر عاطف بٹ نے امریکا میں لگاتار دوسرے سال ٹیکن ایٹ سی ای اوٹو رنامنٹ جیت لیا۔ گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے عاطف بٹ نے عمدہ کھیل پیش کر کے کوریا کے کھلاڑی کو شکست دے کر ٹورنامنٹ میں کامیابی حاصل کی۔ عاطف بٹ نے سنسنی خیز مقابلے میں اپنے نام کر کے ٹائٹل کا دفاع کیا۔ ٹورنامنٹ میں دنیا بھر سے پانچ سو سے زیادہ کھلاڑیوں نے حصہ لیا تھا۔ واضح رہے کہ ای اسپورٹس دنیا بھر میں ایک صنعت کا درجہ رکھتی ہے اور اگست 2019 میں پاکستانی نوجوان نے امریکا میں ہونے والی دنیا کی سب سے بڑی ای اسپورٹس گیمنگ چیمپئن شپ میں ٹیکن 7 گیم کا ٹورنامنٹ جیت لیا تھا۔ اس سے قبل امریکی شہر لاس وگاس میں

لندن (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے ٹیسٹ کرکٹ کی 147 سالہ تاریخ بدلنے پر غور شروع کر دیا۔ برطانوی میڈیا رپورٹ کے مطابق اگلے سائیکل کے لیے چار روزہ ٹیسٹ میچ کا فیصلہ کیا جائے گا، بھارت، آسٹریلیا اور انگلینڈ کی ٹیمیں 5 روزہ میچ کھیلیں گی۔ پاکستان سمیت دیگر ٹیمیں 4 دن کا ٹیسٹ میچ کھیلیں گی۔ ایشیز، بارڈر گواسکر اور اینڈرسن، ٹنڈولکر ٹرافی کے میچز روایتی انداز میں ہی ہوں گے۔ پاکستان، جنوبی افریقا، نیوزی لینڈ، سری لنکا اور دیگر ٹیمیں چار دن کا ٹیسٹ میچ کھیلیں گی، نئے شروع ہونے والے سائیکل میں کسی قسم کی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔

آئی سی سی ٹیسٹ رینکنگ میں سعود شکیل اور نعمان علی کی ترقی

نائب کپتان سعود شکیل ٹاپ 10 میں شامل، ساتویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ محمد رضوان 16 ویں اور بابر اعظم 21 ویں نمبر پر موجود



دبئی (این این آئی) آئی سی سی ٹیسٹ رینکنگ میں پاکستانی کرکٹر سعود شکیل اور اسپنر نعمان علی کی ترقی ہوگئی۔ لارڈز میں آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں جنوبی افریقا کی آسٹریلیا کے خلاف شاندار فتح کے بعد آئی سی سی نے ٹیسٹ رینکنگ جاری کی جس میں پاکستانی کھلاڑیوں کی رینکنگ میں نمایاں تبدیلی آئی ہے۔ نائب کپتان سعود شکیل ٹاپ 10 میں شامل ہو گئے، وہ 739 ریٹنگ پوائنٹس کے ساتھ ساتویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ محمد رضوان 16 ویں اور بابر اعظم 651 پوائنٹس کے ساتھ 21 ویں نمبر پر موجود ہیں، سلمان علی آغا 592 پوائنٹس کے ساتھ 31 ویں اور کپتان شان مسعود 542 پوائنٹس کے ساتھ 45 ویں نمبر پر براجمان ہیں۔ عبداللہ شفیق 51 ویں، کامران غلام 81 اور صائم ایوب 88 ویں نمبر پر موجود ہیں۔ بیٹرز رینکنگ میں انگلینڈ کے جوروٹ سرفہرست ہیں، اس کے بعد ہیری بروک اور نیوزی لینڈ کے کین ولیمسن بالترتیب دوسرے اور تیسرے نمبر پر ہیں۔ ٹیسٹ بولنگ رینکنگ میں پاکستان کے اسپنر نعمان علی نے شاندار اننگز دے کر ٹاپ فائیو میں جگہ بنائی ہے اب وہ 806 پوائنٹس کے ساتھ چوتھے نمبر پر ہیں۔ ساجد خان اور شاہین آفریدی بالترتیب 21 ویں اور 23 ویں پوزیشن پر براجمان ہیں جبکہ محمد عباس 29 ویں نمبر پر ہیں۔ دیگر پاکستانی گیند بازوں میں ابرار احمد 52 ویں، خرم شہزاد 64 ویں، عامر جمال 72 ویں، میر حمزہ 93 ویں، سلمان علی آغا 95 ویں اور زاہد محمود 97 ویں نمبر پر ہیں۔ بولرز میں بھارت کے جسپریت بمراہ بدستور نمبر ون ٹیسٹ بولر ہیں، جنوبی افریقہ کے کگیسو رباڈا دوسرے اور آسٹریلیا کے کپتان پیٹ کمنز تیسرے نمبر پر ہیں۔ دیگر پاکستانی گیند بازوں میں ابرار احمد 52 ویں، خرم شہزاد 64 ویں، عامر جمال 72 ویں، میر حمزہ 93 ویں، سلمان علی آغا 95 ویں اور زاہد محمود 97 ویں نمبر پر ہیں۔

بھارت کے خلاف پہلے ٹیسٹ کے لیے انگلینڈ کی پلیئنگ الیون کا اعلان

اسکواڈ میں کرس ووکس کی واپسی ہوئی ہے جنہوں نے آخری بار نیوزی لینڈ کے خلاف دسمبر 2024 میں ٹیسٹ کھیلا تھا

لندن (این این آئی) بھارت کے خلاف پہلے ٹیسٹ کے لیے انگلینڈ نے پلیئنگ الیون کا اعلان کر دیا۔ انگلینڈ کرکٹ بورڈ نے 20 جون سے شروع ہونے والی بھارت کے خلاف پانچ میچوں کی سیریز کے پہلے ٹیسٹ کے لیے پلیئنگ الیون کا اعلان کیا ہے۔ انگلینڈ کے اسکواڈ میں کرس ووکس کی واپسی ہوئی ہے جنہوں نے آخری بار نیوزی لینڈ کے خلاف دسمبر 2024 میں ٹیسٹ کھیلا تھا۔ انڈیا اے کے خلاف دو میچوں کی سیریز میں انگلینڈ لائنز کی نمائندگی کرنے سے پہلے ٹخنے کی انجری کی وجہ سے آخری دو ٹیسٹ نہیں کھیل سکے تھے۔ برائیڈن کارس نے بھی پاؤں کی تکلیف سے نجات پانے کے بعد ٹیم میں واپسی کی ہے۔ دونوں کھلاڑیوں کو سیم کک اور گس اٹکنسن کی جگہ ٹیم میں شامل کیا گیا ہے جو زمبابوے کے خلاف سیریز کے لیے انگلش اسکواڈ کا حصہ تھے۔ انگلش اسکواڈ میں کرس ووکس، جیمی اسمتھ، زیک کرولی، بین ڈکٹ، اولی پوپ، جو روٹ، ہیری بروک، بین اسٹوکس، برائیڈن کارس، جوش ٹونگ اور شعیب بشیر شامل ہیں۔

پاکستان ایف آئی ایچ نیشنز کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا

کوالالمپور (این این آئی) پاکستان ایف آئی ایچ نیشنز کپ کے سیمی فائنل میں پہنچ گیا، ملائیشیا جاپان کو شکست دینے کے باوجود سیمی فائنل کی دوڑ سے باہر ہو گیا۔ پاکستان آخری میچ ہار کر بھی پول میں دوسری پوزیشن پر رہا ہے۔ پاکستان اور ملائیشیا کے 4، 4 پوائنٹس برابر ہیں، دونوں کی فتوحات بھی برابر تھیں، جبکہ دونوں ملکوں کا گول کا فرق بھی برابر ہی تھا۔ ابتدائی تین قدم پر برابری کے بعد پاکستان کو زیادہ گول کرنے کی بنیاد پر برتری ملی۔ پاکستان نے مجموعی طور پر 9 گول کیے، جبکہ ملائیشیا کے مجموعی گول کی تعداد 8 رہی۔



لاہور: صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر پنجاب اسٹیڈیم میں وزیر اعلی پنجاب سمر گیمز کے انٹر ڈویژن مرحلے کی اختتامی تقریب کے موقع پر کبڈی کا فائنل جیتنے والی ٹیم فیصل آباد کو 14 لاکھ روپے کا انعامی چیک دے رہے ہیں



سپون یو ایس اوپن جیتنے کے بعد ٹرافی کے ساتھ جشن منا رہا ہے۔

ایشین والی بال نیشنز کپ، پاکستان کی کوارٹر فائنل میں جگہ پکی

منامہ (این این آئی) ایشین والی بال نیشنز کپ میں پاکستان کی کوارٹر فائنل میں جگہ پکی ہو گئی۔ چائنز تائپے کی فلپائن کے خلاف 3-1 کی فتح کے بعد پاکستان کی اگلے راؤنڈ تک رسائی یقینی ہوئی۔ پاکستان نے بھی پہلے میچ میں فلپائن کو 3-1 سے شکست دی تھی، پاکستان ٹیم اپنا دوسرا گروپ میچ چائنز تائپے کے خلاف کھیلے گی۔ پاکستان اور چائنز تائپے کے درمیان میچ کی فاتح ٹیم گروپ کی پہلی پوزیشن حاصل کرے گی۔ بحرین میں جاری ایشین والی بال نیشنز کپ میں 4 گروپس کی دو، دو ٹیمیں کوارٹر فائنل کھیلیں گی۔ چائنز تائپے کی فلپائن کے خلاف 3-1 کی فتح کے بعد پاکستان کی اگلے راؤنڈ تک رسائی یقینی ہوئی

انٹرنیشنل



اسرائیلی پولیس کے اہلکار 17 جون 2025 کو تل ابیب کے قریب ہرزلیہ میں ایرانی راکٹ حملے کے مقام سے اٹھتے ہوئے دھویں کے قریب موجود ہیں (اے ایف پی)



پلینٹ لیبز پی بی سی کی جانب سے 19 جون 2025 کو جاری کی گئی فضائی تصویر میں ایران کے آراک ہیوی واٹر ری ایکٹر کو دیکھا جا سکتا ہے

حج کیسا رہا؟ سعودی وزارت نے ای سروے کا آغاز کر دیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارت حج نے رواں سال حج کے بارے میں عازمین کے اطمینان کو جانچنے کیلیے ای سروے کا آغاز کیا ہے۔ سعودی میڈیا کے مطابق 1446 ہجری کے حج سیزن کیلیے عازمین کے اطمینان کا اندازہ لگانے کیلیے کئی زبانوں میں الیکٹرانک سروے شروع کیا گیا ہے۔ یہ سروے سعودی اور بین الاقوامی دونوں عازمین کے لیے ہے جس میں عازمینِ حج اپنی رائے اور تاثرات کا اظہار کر سکتے ہیں۔ اس سروے کا آغاز 9 زبانوں میں کیا گیا ہے جن میں عربی، انگریزی، ہسپانوی، فارسی، فرانسیسی، ہندی، مالے، ترکی اور چینی زبان شامل ہے۔

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایران کے معاملے پر بھی بات ہوئی، امریکی صدر

ایران پر حملوں سے متعلق ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا، ہم نہیں چاہتے جوہری ہتھیار ایران کے ہاتھ آئیں، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ پاکستانی عہدے داروں سے ایران کے معاملے پر بات ہوئی، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ایران کے معاملے پر بھی بات ہوئی ہے۔ ایران پر حملوں سے متعلق ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا، ہم نہیں چاہتے جوہری ہتھیار ایران کے ہاتھ آئیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اوول آفس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران پر حملوں سے متعلق ابھی کوئی فیصلہ نہیں کیا، ہم نہیں چاہتے جوہری ہتھیار ایران کے ہاتھ آئیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے دعوی کیا کہ ایران جوہری ہتھیاروں کے حصول سے چند ہفتوں کی دوری پر تھا۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ ایران کے ساتھ ڈیل اب بھی ہو سکتی ہے، ایران کے ساتھ مذاکرات کے دروازے بند نہیں کیے۔ واضح رہے کہ امریکی صدارتی محل وائٹ ہاؤس میں امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے پاک فوج کے سربراہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کی ملاقات ہوئی۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر کی یہ ملاقات ظہرانے میں کیبنٹ روم میں ہوئی۔

یہود و ہنود کا نیا گٹھ جوڑ بے نقاب، برطانوی میڈیا نے مودی، اڈانی، اسرائیل کے اتحاد کا پول کھول دیا

آپریشن بنیان مرصوص، معرکہ حق کے دوران بھارتی افواج کا اسرائیلی ٹیکنالوجی کا استعمال، یہود و ہنود کے مضبوط گٹھ جوڑ کا منہ بولتا ثبوت ہے، رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کی ایک حالیہ تحقیقی رپورٹ میں بھارت اور اسرائیل کے درمیان بڑھتے ہوئے خفیہ معاشی و انٹیلی جنس تعلقات کو بے نقاب کیا گیا ہے۔ برطانوی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق رپورٹ میں بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی، بزنس ٹائیکون گوتم اڈانی اور اسرائیلی حکومت کے درمیان گٹھ جوڑ کا پردہ فاش کیا گیا ہے۔ اس گٹھ جوڑ نے خطے کی سیاست اور سیکورٹی کے حوالے سے نئے سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔ بی بی سی کی رپورٹ کے مطابق اسرائیل کے تیسرے بڑے شہر حیفہ کی بندرگاہ پر بھارتی کنٹرول واضح ہو چکا ہے۔ اڈانی گروپ نے 2023 میں اس بندرگاہ کا 70 فیصد حصہ حاصل کیا جبکہ باقی 30 فیصد حصہ اسرائیل کے ایک کاروباری گروپ کے پاس ہے۔ یہ بندرگاہ اسرائیل کی سب سے بڑی آئل ریفائنری اور گوگل و مائیکروسافٹ جیسی عالمی ٹیک کمپنیوں کے دفاتر کا مرکز ہے جس سے اس کی اسٹریٹجک اہمیت واضح ہوتی ہے۔ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ 1980 کی دہائی سے جاری بھارتی خفیہ ایجنسی را اور اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد کے درمیان باہمی روابط مودی حکومت کے دور میں باضابطہ دفاعی اور انٹیلی جنس اتحاد میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ مودی حکومت اسرائیل کی پراکسی بن چکی ہے اور اسرائیلی ٹیکنالوجی کے ذریعے بھارتی ایجنسیاں اندرون اور بیرون ملک جاسوسی کا نیٹ ورک چلا رہی ہیں۔ آپریشن بنیان مرصوص، معرکہ حق کے دوران بھارتی افواج کا اسرائیلی ٹیکنالوجی کا استعمال، یہود و ہنود کے مضبوط گٹھ جوڑ کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ برطانوی ٹی وی کی تہلکہ خیز ویڈیو نے اس اتحاد کے خفیہ معاشی ایجنڈے اور اس کی جڑوں میں چھپے اسٹریٹجک مفادات کو بے نقاب کیا ہے۔ اس انکشاف نے نہ صرف خطے میں مسلم دنیا کو تشویش میں مبتلا کیا ہے بلکہ عالمی سطح پر بھی بھارت اسرائیل تعلقات کی شفافیت پر سوالات کھڑے کر دیئے ہیں۔



جوہری ہتھیاروں پر یقین نہیں رکھتے، ایرانی نائب وزیر خارجہ

ہم اپنے دفاع میں کارروائی کریں گے اور یہ بات بالکل واضح اور سیدھی ہے، انٹرویو

تہران (این این آئی) ایرانی نائب وزیر خارجہ مجید تخت روانچی نے کہا ہے کہ ہم جوہری ہتھیاروں پر یقین نہیں رکھتے، امریکا اسرائیل کے ساتھ جنگ میں شامل ہوا تو ہمارے پاس جوابی کارروائی کے سوا کوئی راستہ نہیں ہوگا۔ امریکی ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے ایرانی نائب وزیر خارجہ مجید تخت روانچی نے کہا جہاں بھی ہمیں ضروری ہدف نظر آئے، ہم کارروائی کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم اپنے دفاع میں کارروائی کریں گے اور یہ بات بالکل واضح اور سیدھی ہے۔ ایرانی نائب وزیر خارجہ کے مطابق ایران نے امریکا یا اسرائیل سے جوہری مذاکرات دوبارہ شروع کرنے کے لیے کوئی رابطہ نہیں کیا۔ مجید تخت روانچی نے کہا کہ ہم نے کسی سے رابطہ نہیں کیا، ہم صرف اپنا دفاع کر رہے ہیں، ہم ہمیشہ سفارت کاری کی حمایت کرتے رہے ہیں لیکن ہم دھمکیوں کے سائے میں مذاکرات نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ جب ہمارے عوام روزانہ بمباری کا شکار ہوں، تو ہم مذاکرات کے لیے ہاتھ نہیں پھیلا سکتے، ہم کسی سے بھیک نہیں مانگ رہے۔ انٹرویو کے دوران خاتون میزبان نے سوال کیا کہ اسرائیل کا دعوی ہے کہ ایران جوہری بم بنانے کے قریب ہے، صدر ٹرمپ کا بھی یہی خیال ہے، جبکہ ان کے انٹیلی جنس چیف کا کہنا ہے کہ ان کی اطلاعات کے مطابق ایسا نہیں ہے، لیکن کیا آپ کو اب لگتا ہے کہ آپ کی تمام تنصیبات پر حملے کے بعد اگر آپ بچ گئے تو کیا ایران نیوکلیئر ریاست بننے کا فیصلہ کرے گا؟ ایرانی نائب وزیر خارجہ نے جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہم یقینی طور پر بچ جائیں گے، جبکہ دوسری اہم بات یہ ہے کہ ہم جوہری ہتھیاروں پر یقین نہیں رکھتے، جوہری ہتھیاروں کا ہماری دفاعی پالیسی میں کوئی مقام نہیں، بلکہ ہم سمجھتے ہیں کہ دنیا جوہری ہتھیاروں کے بغیر زیادہ بہتر جگہ ہوگی۔ مجید تخت روانچی نے سوال کیا کہ اصل میں جوہری ہتھیار کس کے پاس ہیں؟ مشرق وسطی میں اسرائیلی حکومت کے پاس ہیں جبکہ سب سے جدید ترین ہتھیار امریکا کے پاس ہیں

پہلگام کے حملہ آور اب تک آزاد کیسے گھوم رہے ہیں؟ فاروق عبداللہ

سری نگر (این این آئی) سابق وزیر اعلی مقبوضہ جموں و کشمیر فاروق عبداللہ نے بھارتی سیکیورٹی فورسز پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلگام کے حملہ آور اب تک آزاد کیسے گھوم رہے ہیں؟ غیر ملکی میڈیا کے مطابق تین مرتبہ مقبوضہ کشمیر میں وزیر اعلی رہنے والے فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ریاستی درجہ بحال کرنا کوئی رعایت نہیں یہ ہمارا آئینی حق ہے۔ انہوں نے بھارتی حکومت پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ کوئی ایسی آزادی نہیں جیسے آپ مجھے بغیر ہوا کے پتنگ اڑانے کی اجازت دیدیں، حکومت اپنا وعدہ پورا کرے، یہ ہمارا آئینی حق ہے جو کافی مدت سے پورا نہیں کیا جا رہا ہے۔ فاروق عبداللہ پہلگام میں نیشنل کانفرنس کے اجلاس میں خطاب کر رہے تھے



اسرائیلی فورسز اور ریسکیو سروسز 19 جون 2025 کو وسطی اسرائیل کے رامات گان میں ایرانی میزائل حملے کے مقام پر کام کر رہی ہیں (اے ایف پی)



19 جون 2025 کو ایرانی میزائل حملے کے بعد جنوبی اسرائیل میں بیر شیبہ میں سورو کا ہسپتال کی عمارت سے دھواں اٹھ رہا ہے (اے ایف پی)

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی جانب سے تھانہ رنگشاہ اور تھانہ صدر پاکپتن کے علاقوں میں کھلی کچہریاں

درخواست گزاروں کی شکایات سنیں اور ازالے کے لیے احکامات جاری کئے



عارفوالا (نمائندہ قوت+نامہ نگار) ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی جانب سے تھانہ رنگشاہ اور تھانہ صدر پاکپتن کے علاقوں میں کھلی کچہریاں. درخواست گزاروں کی شکایات سنیں اور ازالے کے لیے احکامات جاری کئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن انصاف عوام کی دہلیز پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ کی جانب سے پولیس دفاتر اور تھانوں سے باہر کھلی کچہریاں لگانے کا سلسلہ جاری، ڈی پی او پاکپتن جاوید چدھڑ نے تھانہ رنگشاہ کے علاقہ اڈہ رنگشاہ اور تھانہ صدر پاکپتن کے علاقہ جمال چوک میں کھلی کچہریاں لگائیں. کھلی کچہریوں میں ایس پی انویسٹیگیشن پاکپتن غلام عباس، ڈی ایس پی ہیڈکوارٹر مہر وسیم افضال اور ڈی ٹی او عبدالمجید سمیت متعلقہ سرکل افسران اور متعلقہ ایس ایچ اوز بھی موجود تھے کھلی کچہریوں میں درخواست گزاروں کی کثیر تعداد نے شرکت کی انہوں نے کھلی کچہری میں آنے والے درخواست گزاروں کی شکایات سنیں اور انکے مسائل کو ٹائم فریم کے اندر حل کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کیے ڈی پی او نے کھلی کچہری میں مزید گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اوپن ڈور پالیسی کے تحت کھلی کچہریاں لگانے کا مقصد وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز اور آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کے ویژن پر عوام الناس کو تھانوں کے باہر انکے ڈور سٹیپ پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، قانون کی طرف سے دیئے گئے تمام تر وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے پاکپتن پولیس جرائم پیشہ افراد کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رکھے ہوئے ہے ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کی سرکوبی کے لیے پاکپتن پولیس ہمہ وقت کوشاں ہے پاکپتن کو تمام قسم کے جرائم سے پاک کیا جائے گا

اسرائیلی جارحیت کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں: حافظ راشد محمود

بلا جواز اور غیر قانونی اقدام ایران کی خودمختاری اور بین الاقوامی اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہے: ناصر محمود گھمن



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ہم اسلامی جمہوریہ ایران کے خلاف اسرائیلی جارحیت کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں یہ بلا جواز اور غیر قانونی اقدام ایران کی خودمختاری اور بین الاقوامی اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہے۔ ایسے اقدامات عالمی قوانین پر مبنی نظام کی بنیادوں کو کھوکھلا کرتے ہیں اور علاقائی امن و بین الاقوامی سلامتی کے لیے سنگین خطرہ ہیں۔ قانونی جواز یا بین الاقوامی اجازت کے بغیر طاقت کا استعمال ایک خطرناک نظیر قائم کرتا ہے جسے نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ عالمی برادری کو اس غیر ذمہ دارانہ جارحیت کا فوری نوٹس لینا چاہیے اور خطے میں مزید عدم استحکام کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات کرنے چاہئیں۔ ان خیالات کا اظہار پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے صوبائی عہدیداران وٹکٹ ہولڈر پاکستان مرکزی مسلم لیگ حافظ راشد محمود pp 173 ۔ ناصر محمود گھمن pp174۔ چوہدری معاذ اشتیاق جنرل سیکرٹری سٹی لاہور سیف اللہ خالد تعلقات عامہ سٹی لاہور نے سینئر صحافی سیکرٹری انفارمیشن سٹی پریس کلب اوکاڑہ رانا آصف جبار سے ملاقات کے درمیان کیا اس موقع پر سماجی شخصیت رانا فیصل منج موجود تھے پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے عہدیداران کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان ریاستوں کی خودمختاری، عدم جارحیت اور پرامن بقائے باہمی کے اصولوں پر مضبوطی سے قائم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بطور مسلمان ہم اسرائیلی جارحیت کی بھرپور مذمت کرتے ہیں۔

اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا محرم الحرام کے سلسلہ میں بنگلہ گوگیرہ کے مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اسسٹنٹ کمشنر رب نواز کا محرم الحرام کے سلسلہ میں بنگلہ گوگیرہ کے مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ اور پیشگی انتظامات مکمل کرنے کے احکامات، انہوں نے جلوس انتظامیہ اور متعلقہ محکموں کے افسران کے ہمراہ جلوس کے روٹ کا معائنہ کیا اور روٹ کی صفائی، بجلی کی ورک، تاریوں کی صفائی، مین ہولز کی مرمت، بجلی کی لٹکتی تاروں کی درستگی، سیبلیں لگانے اور فول پروف سیکورٹی انتظامات کے لیے پیشگی انتظامات کو مکمل کر کے پلان مرتب کرنے کے احکامات جاری کیے، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر رب نواز نے کہا کہ محرم الحرام کے جلوسوں اور مجلسوں کے پرامن اور احسن انعقاد کے سلسلہ میں عزاداروں کو بہترین سہولیات فراہم کرنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کو یقینی بنایا جائے، اس سلسلہ میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران اپنی پیشہ ورانہ خدمات سرانجام دیں ورمحرم الحرام سے قبل تمام انتظامات کو احسن انداز میں مکمل کریں۔

ہیلتھ اتھارٹی چکوال اور میڈی بینک کے اشتراک سے میڈیکل کیمپ آج دیوالیاں گاوں میں لگایا گیا

چکوال (ایم ایوب سلطانی) ہیلتھ اتھارٹی چکوال اور میڈی بینک کے اشتراک سے میڈیکل کیمپ آج دیوالیاں گاوں میں لگایا گیا۔ کیمپ کا آج دوسرا اور آخری روز تھا۔ اسسٹنٹ کمشنر کلر کہار عاصمہ خلیل نے کیمپ کا دورہ کیا اور موجودہ ڈاکٹرز سے ملاقات کی۔ ہیلتھ اتھارٹی کے نامزد فوکل پرسن ڈاکٹر احمر نے بریفنگ دی۔ پیٹرن انچیف میڈی بینک جاوید نثار اقبال بھی موجود تھے۔ لوگوں کی بڑی تعداد میڈیکل کیمپ میں موجود تھی اور سہولیات سے استفادہ حاصل کر رہی تھی۔ لوگوں نے میڈیکل کیمپ لگانے پر ڈپٹی کمشنر چکوال، ہیلتھ اتھارٹی چکوال اور میڈی بینک کا شکریہ ادا کیا۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے خزاں 2025 سمسٹر کے داخلوں کا شیڈول جاری کر دیا

شکرگڑھ (عمران عارف سے) ہیڈ ریجنل ناروال محمد لطیف نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ہے کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے خزاں 2025 سمسٹر کے داخلوں کا شیڈول جاری کر دیا۔ جن میں میٹرک سے پی ایچ ڈی پروگرامز اور سرٹیفکیٹ کورسز شامل ہیں یکم جولائی سے جاری ہونے والے سمسٹر میں ایسوسی ایٹ ڈگری لیول کے مختلف پروگرامز پہلی بار پیش کیے جا رہے ہیں، جن میں کیمسٹری، انوائرمنٹل سائنسز، سٹیٹسٹکس، مینجمنٹ سائنسز، فزکس اور ہیومن نیوٹریشن، ماس کمیونیکیشن، بزنس ایڈمنسٹریشن، اردو، پاکستان سٹڈیز، انگلش، جینڈر اینڈ وومن سٹڈیز، لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنسز، سوشیالوجی، اکنامکس اور ہسٹری شامل ہیں۔ طلبہ اور طالبات کو سہولت فراہم کرنے کے لیے تمام پروگرامز کی تفصیلات، پراسپکٹس اور داخلہ فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر یکم جولائی سے دستیاب ہوں گے۔ مزید معلومات کے لیے ریجنل آفس ناروال کے کہ نمبر 0542413122,0542413232 سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

ہم خیال ملکوں پر مشتمل جی سیون کے مدمقابل تنظیم بنائی جائے: اختر اقبال ڈار

بین الاقوامی معیشت، مالیاتی استحکام، ماحولیاتی تحفظ، غربت، انسانی حقوق اور قانون کی عمل داری کیلئے مشترکہ حکمت عملی اپنائے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (نظریاتی) کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے کہا ہے کہ آج ضرورت اس امر کی ہے کہ جی سیون کی طرز پر چین، پاکستان، سعودیہ، ترکی، ایران و دیگر ہم خیال ملکوں پر مشتمل جی سیون کے مدمقابل تنظیم بنائی جائے جو عالمی معیشت، مالیاتی استحکام، ماحولیاتی تحفظ، غربت، انسانی حقوق اور قانون کی عمل داری کیلئے مشترکہ حکمت عملی اپنائے انسانیت کی تذلیل کو روکتے ہوئے انسانیت کے فروغ کیلئے صحیح سمت مثبت پیش رفت کرے کیونکہ جی سیون تنظیم صرف اور صرف اپنے مالیاتی فوائد، اپنے سیاسی مقاصد اور اپنے استحکام اور خطہ میں کشیدگی کا باعث بنتے ہوئے امریکہ کی ہمنوا بن کر رہ گئی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ان سے ملاقات کرنیوالے مختلف وفود سے گفتگو کے دوران کیا اس موقع پر کارکنان کی بڑی تعداد بھی موجود تھی اختر اقبال ڈار نے کہا کہ جی سیون ممالک، مالیاتی استحکام، ماحولیاتی تحفظ، غربت، انسانی حقوق اور قانون کی عمل داری کیلئے مشترکہ حکمت عملی اپنائے انسانیت کے فروغ کیلئے جو عالمی معیشت، مالیاتی استحکام، ماحولیاتی تحفظ، غربت، انسانی حقوق اور قانون کی عمل داری کیلئے مشترکہ حکمت عملی اپنائے انسانیت کی تذلیل کو روکتے ہوئے انسانیت کے فروغ کیلئے صحیح سمت مثبت پیش رفت کرے کیونکہ جی سیون تنظیم صرف اور صرف اپنے مالیاتی فوائد کا باعث بنتے ہوئے امریکہ کے شانہ بشانہ کھڑے ہو کر دنیا میں جنگل کے قانون کے نفاذ کیلئے کوشاں ہے اور دوسرے کمزور خصوصاً مسلم ممالک کو جس کی لاٹھی اسکی بھینس کے مصداق کے مترادف ہانکنے پر عمل پیرا ہے۔

جی ٹی روڈ پر صفائی کی ناقص صورتحال پر کمشنر گوجرانوالہ ڈپٹی کمشنر گجرات کا ایکشن، 25 دکانیں سیل کرنے کی ہدایت

گوجرانوالہ (محمد پرویز مغل قوت بیورو) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن "ستھرا پنجاب" پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے کمشنر گوجرانوالہ و گجرات ڈویژن فرید حیدر شیرازی نے ڈپٹی کمشنر گجرات نوید احمد کے ہمراہ گجرات شہر کے مرکزی شاہراہ جی ٹی روڈ کا دورہ کیا اور صفائی ستھرائی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا معائنے کے دوران ٹائر مارکیٹ اور لاری اڈہ کے قریب صفائی کی صورتحال انتہائی ناقص پائی گئی جس پر کمشنر گوجرانوالہ نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔ کمشنر فرید حیدر شیرازی نے چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن خالق داد کاکڑ کو ہدایت جاری کی کہ پکا اچھینکنے میں ملوث 25 دکانوں کو فوری طور پر سیل کیا جائے اور آئندہ کے لیے سخت کارروائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات کے تحت صفائی کے نظام میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور صفائی میں رکاوٹ ڈالنے والوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر گجرات نوید احمد نے بھی موقع پر ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہر کی صفائی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور تمام دکانداروں و شہریوں کو اس میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔

گندم کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود آٹا سستا نہ ہو سکا

نان روٹی بیکری آٹھمز سمیت آٹے اور میدے سے تیار ہونے والی اشیاء کی قیمتیں بھی کم نہ ہو سکیں

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) گندم کی قیمتیں کم ہونے کے باوجود آٹا سستا نہ ہو سکا نان روٹی بیکری آٹھمز سمیت آٹے اور میدے سے تیار ہونے والی اشیاء کی قیمتیں بھی کم نہ ہو سکیں انتظامیہ عملدرآمد کروانے میں بری طرح ناکام کسانوں سے اونے پونے داموں گندم خرید کر سرمایہ داروں کو فائدہ پہنچایا جا رہا ہے روٹی 15 نان 20 روپے کا فروخت ہو رہا ہے آٹا 90 روپے فی کلو جبکہ بسکٹ بن ڈبل روٹی سمیت بیکری آٹھمز پرانی قیمتوں پر فروخت ہو رہے ہیں اہل علاقہ کا کہنا ہے کہ 2200 روپے فی من گندم کی قیمت کے حساب سے نان روٹی اور بیکری آٹھمز کی قیمتیں متعین کیں جائیں آٹے اور میدے سے بننے والی اشیاء دوہری قیمت پر فروخت ہو رہی ہیں انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے

ایئر سیال آج جس مقام پر کھڑی ہے کریڈٹ محنتی قیادت کو جاتا ہے۔ طاہر مجید کپور

انتھک جہد مسلسل سے آج ہم سب ایئر سیال سے منافع کمار ہے ہیں۔ ڈائریکٹر ایئر سیال



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایئر سیال بورڈ آف ڈائریکٹرز کی اہم میٹنگ پروقار تقریب میں منعقد ہوئی جس میں ایئر سیال مینجمنٹ و ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ اہم میٹنگ کے بعد شرکاء کو ایئر سیال کی پروگراس و کامیابیوں بارے تفصیلی بریفنگ دی گئی اور باقاعدہ ڈائریکٹرز کو اس کی فیسیز بھی دی گئیں۔ اس موقع پر ڈائریکٹر ایئر سیال طاہر مجید کپور سابق صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ نے دوران خطاب کہا کہ سب سے پہلے ایئر سیال مینجمنٹ و شرکاء کو عظیم کامیابیوں کے سفر پر مبارکباد پیش کرتا ہوں چیئرمین ایئر سیال فضل جمیل ڈی و مینجمنٹ کی بہترین صلاحیتوں اور انتھک محنت کا ثمر ہے آج تمام ڈائریکٹران خوشی و کامیابی کے ان لمحات کو انجوائے کر رہے ہیں۔ ایک وہ وقت تھا کہ ایئر سیال پر تنقید کیجاتی تھی اور دو جہاز فلائیٹ لوگوں کی تنقیدی و تنزیہ باتیں سننا پڑتی تھیں اور آج کہنہ مشق و قابل چیئرمین ایئر سیال فضل جیلانی کی قیادت میں ایئر سیال اپنے اس دور سے نکل کر خدمت و ترقی کی منازل طے کرتی بہترین ایئر لائن بن چکی ہے۔ دوران سفر ایئر سیال پائلٹس میں وفنانی میز بانوں کی بہترین کارکردگی اور کمال مینجمنٹ کیوجہ سے ہم آج اس پروقار تقریب میں موجود ہیں۔ ڈائریکٹر ایئر سیال نے مزید کہا کہ خوشی ہے کہ جون کے پہلے ہفتے ہی دبئی کیلئے ایئر سیال محمد پرواز ہوگی ہماری بین الاقوامی ڈیسٹینیشنز ہماری مینجمنٹ و ڈائریکٹرز اور گراؤنڈ وائیر کریو کی جہد مسلسل کی غماز ہے۔

گرمیوں کے موسم میں دریائے راوی اور نہروں میں نہانے کے باعث متوقع حادثات سے بچاؤ کے پیش نظر ضلع بھر میں دفعہ 144 نافذ

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا) ڈپٹی کمشنر ساہیوال شاہد محمود نے گرمیوں کے موسم میں دریائے راوی اور نہروں میں نہانے کے باعث متوقع حادثات سے بچاؤ کے پیش نظر ضلع بھر میں دفعہ 144 نافذ کر دی ہے۔ یہ پابندی 20 جون سے 19 جولائی 2025 تک نافذ العمل رہے گی۔ اس حکم نامے کے تحت شہریوں کو دریائے راوی اور ضلع کی تمام نہروں میں نہانے اور تیراکی کرنے سے سختی سے منع کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ یہ اقدام عوامی تحفظ کے لیے کیا گیا ہے تاکہ قیمتی انسانی جانوں کو ممکنہ حادثات سے بچایا جا سکے۔ ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اس حکم کی پابندی کریں



اوکاڑہ کے نواح میں اوباش نے گھر میں داخل ہو کر شادی شدہ خاتون کو گن پوائنٹ پر زیادتی کا نشانہ بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں اوباش نے گھر میں داخل ہو کر شادی شدہ خاتون کو گن پوائنٹ پر زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 27 ٹو آر کے رہائشی عبدالجبار کی بیوی سعدیہ بی بی گھر میں سوئی ہوئی تھی کہ اچانک اوباش علی ولد شوکت دیوار پھلانگ کر گھر میں داخل ہوا اور اسلحہ کے زور پر سعدیہ بی بی کو کمرے میں لیجا کر گن پوائنٹ پر زبردستی اسے زیادتی کا نشانہ بنا دیا سعدیہ بی بی کے شوہر پر اہل دیہہ آگئے ملزم جان سے مارنے کی دھمکی دیتے ہوئے فرار ہو گیا۔ پولیس تھانہ ستگھرہ نے مقدمہ درج کر کے ملزم علی کو گرفتار کر لیا ہے۔

ایس ایچ او تھانہ سٹی، جہلم پریس کلب کے ممبر کا فوری ایکشن، اغوا کے مقدمہ میں ملوث 02 ملزمان قلیل وقت میں گرفتار

جہلم (بیورو رپورٹ) ایس ایچ او تھانہ سٹی، جہلم پریس کلب کے ممبر کا فوری ایکشن، اغوا کے مقدمہ میں ملوث 02 ملزمان قلیل وقت میں گرفتار، جہلم پریس کلب کے ممبر چوہدری دانیال عابد نے جادہ چوک گاڑی میں اغوا کرنے والے اغوا کاروں اور گاڑی کی ویڈیو بنا کر تھانہ سٹی پولیس کے ایس ایچ او چوہدری اللہ دتہ کو بھجوائی جس میں ہجوم اغوا کاروں کی منت سماجت کر رہا ہے لیکن اغوا کار اسلحہ کی نوک پر لڑکی اور لڑکے کو زبردستی گاڑی میں ڈال کر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے ویڈیو کلپ موصول پر ایس ایچ او چوہدری اللہ دتہ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے اغوا کاروں کے خلاف مقدمہ درج کر کے ملزمان کا تعاقب کیا اور آنکھ جھپکنے سے قبل اغوا کاروں کو ڈرامائی انداز میں گرفتار کر لیا، ایس ایچ او چوہدری اللہ دتہ نے جہلم پریس کلب کی ٹیم سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا اور قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی شہر کی سماجی رفاہی فلاحی صحافتی تنظیموں کے عمائدین نے جہلم پریس کلب کے ممبر چوہدری دانیال عابد اور ایس ایچ او تھانہ سٹی چوہدری اللہ دتہ بروقت کارروائی کرنے پر خراج تحسین پیش کیا ہے،

سنگین وارداتوں میں مطلوب 02 خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

سی سی ڈی ٹیم چونیاں کا چھانگا مانگا کے علاقہ لکھوکی کے قریب ڈاکوؤں سے سامنا

چونیاں (تحصیل رپورٹر) سنگین وارداتوں میں مطلوب 02 خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار سی سی ڈی ٹیم چونیاں کا چھانگا مانگا کے علاقہ لکھوکی کے قریب ڈاکوؤں سے سامنا۔ 16 سے زائد سنگین وارداتوں میں مطلوب انتہائی خطرناک 02 ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار زخمی ڈاکوؤں کی شناخت صابر مسیح عرف موچھا سکنہ چونیاں اور رئیس میو سکنہ راجن پور کے ناموں سے ہوئیسی سی ٹیم نے لکھوکی کے قریب 02 موٹر سائیکل پر سوار 04 ڈاکوؤں کو رکنے کا اشارہ کیا۔ ڈاکوؤں نے رکنے کی بجائے سی سی ڈی ٹیم پر مختلف اطراف سے سیدھی فائرنگ کر دی۔ ڈاکوؤں کی اپنی فائرنگ سے 02 ڈاکو زخمی ہو گئے جنہیں زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا سی سی ڈی ٹیم نے 02 موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد کر کے فرار ہونیوالے ڈاکوؤں کی گرفتاری کیلئے پیشل ٹیم تشکیل دے دی ہے۔ سی سی ڈی ڈیپارٹمنٹ عوام کی جان و مال کی حفاظت کو ہر صورت یقینی بنائے گی۔

بدنام زمانہ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش پولیس کے شکنجے میں

ملزم کی گرفتاری پر سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر ایس پی سول لائن محمد عمران خان کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ کینٹ انسپکٹر غازی عدنان اعجاز و دیگران پر مشتمل پولیس ٹیموں نے دوران گشت و ناکہ بندی اور تلاش بدرویہ گان اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے بدنام زمانہ ریکارڈ یافتہ منشیات فروش پرویز عرف جالا کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے ایک کلو تین سو ساٹھ گرام ہیروئن برآمد کر لی۔ دوران تفتیش منشیات فروش نے انکشاف کیا کہ وہ دوسرے اضلاع سے منشیات لا تا اور ضلع بھر میں نوجوانوں کو منشیات فروخت کرتا تھا۔ ملزم سے مزید تفتیش جاری۔ سماجی وسیاسی تنظیموں اور علاقے کے مکینوں کا پولیس کو خراج تحسین۔ اس موقع پر سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے کہا ہے کہ نوجوان نسل کے محفوظ مستقبل کیلئے منشیات فروشوں کے گرد گھیرا تنگ کرنا ناگزیر ہے۔ سی پی او نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر ایس ایچ او تھانہ کینٹ انسپکٹر غازی عدنان اعجاز اور انکی پولیس کی ٹیموں کو شاباش دی۔



مختلف مکاتب فکر کے 23 علماء وزاکرین کے ضلعی حدود میں داخلے پر 90 روز کے لیے پابندی عائد کر دی گئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ضلعی انتظامیہ کے محرم الحرام کے دوران امن و امان کو یقینی بنانے کے لیے مختلف مکاتب فکر کے 23 علماء وزاکرین کے ضلعی حدود میں داخلے پر 90 روز کے لیے پابندی عائد کر دی۔ جن علماء وزاکرین کے داخلہ پر پابندی عائد کی گئی ان میں علامہ راجہ ناصر عباس راولپنڈی، آصف رضا علوی فیصل آباد، حامد رضا سلطانی منڈی بہاؤالدین، علامہ اظہر حیدری گوجرانوالہ، علامہ کامران عباس لاہور، علامہ شہنشاہ حسین نقوی کراچی، سید نجم الحسن شیرازی سرگودھا، حسن رضا ہاشمی کبیر والا، سید ساجد حسین نقوی راولپنڈی، علی رضا زیدی گوجرانوالہ، مولانا محمد احمد لودھانوی ٹوبہ ٹیک سنگھ، مولانا معاویہ اعظم طارق جھنگ، مولانا محمد الیاس گھمن سرگودھا، مولانا عبدالعزیز لال مسجد اسلام آباد، مولانا ضیاء اللہ شاہ بخاری گجرات مولانا اورنگزیب فاروقی کراچی، سید سبطین حیدر نقوی سرگودھا، مولانا عبدالرؤف یزدانی گوجرانوالہ، مولانا محمد یوسف پسروری سیالکوٹ، مولانا محمد یوسف رضوی (ٹوکہ) سرگودھا، مولانا عرفان شاہ مشہدی منڈی بہاؤالدین، علامہ یاسین قادری سیالکوٹ اور مولانا آصف اشرف جلالی لاہور شامل ہیں۔ علاوہ ازیں 22 مقامی علماء، زاکرین و افراد کی زبان بندی کے بھی احکامات جاری کیے گئے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے مستحق معذور بزرگ کو ایک لاکھ روپے مالیت کا امدادی چیک پیش کیا

بزرگ معذور نے مالی امداد کی فراہمی پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) خصوصی افراد ہماری بھرپور توجہ کے مستحق کے نعرہ کے تحت وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل نے مستحق معذور بزرگ کو ایک لاکھ روپے مالیت کا امدادی چیک پیش کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے بزرگ کی صحت دریافت کی اور کہا کہ معذور افراد کی بحالی کے لئے اقدامات جاری رہیں گے۔ بزرگ معذور نے مالی امداد کی فراہمی پر وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ یاد رہے کہ معذور بزرگ نے مالی امداد کیلئے درخواست گزاری تھی جس پر وزیراعلیٰ پنجاب کی طرف سے امداد فراہم کی گئی۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل و ایڈمنسٹریٹر میونسپل کمیٹی سلمان افتخار شہباز اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی مظفر بیگ نے جھنگ روڈ پر قائم نئے ماڈل ریڑھی بازار کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ریڑھیوں کی ازسرنو ترتیب، صفائی، اور شہری سہولتوں کا جائزہ لیا گیا۔ انتظامیہ نے بتایا کہ ریڑھی بازار کو منظم خطوط پر استوار کیا جا رہا ہے۔ حال ہی میں ریڑھیوں کو نئے طرز پر ترتیب دے کر لگایا گیا ہے تاکہ بازار کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ شہریوں اور تاجروں کو سہولت میسر ہو۔ اب اس منصوبے میں ایک اور اہم پیش رفت کی گئی ہے جس کے تحت ریڑھیوں کو سایہ دار بنانے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔

اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر اے کیٹیگری کے تین خطرناک اشتہاری مجرموں کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر اے کیٹیگری کے تین خطرناک اشتہاری مجرموں کو گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ چوچک کے ایس ایچ او دانیال لیاقت نے اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر اے کیٹیگری کے تین خطرناک اشتہاری ملزمان اقبال، عابد اور عبدالمجید کو گرفتار کر لیا ہے۔ ڈی پی او اوکاڑہ محمد راشد ہدایت نے ملزمان اشتہاری کی گرفتاری پر پولیس ٹیم کو شاباش دی ہے۔

تھانہ ہاوسنگ کالونی پولیس نے دو بدنام زمانہ منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) تھانہ ہاوسنگ کالونی پولیس نے دو بدنام زمانہ منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا جس نے قبضہ سے بھاری مالیت کی منشیات برآمد ہوئی ہے پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزمان کو حوالات میں بند کر دیا ہے، ایس ایچ او تھانہ ہاؤسنگ کالونی واجد عباس کے مطابق تھانہ کی حدود کو منشیات سے پاک کرنے کیلئے کاروائیاں مسلسل جاری ہیں منشیات فروشوں کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا گیا ہے وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے منشیات سے پاک پنجاب ویژن کی تکمیل کیلئے ڈی پی او بلال ظفر یخ کی سربراہی میں بھرپور کردار ادا کیا جا رہا ہے۔

نوجوان نہاتے ہوئے ڈوب کر جاں بحق

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) پنج پلہ کے قریب نہر جھنگ برانچ میں عرفان نامی نوجوان نہاتے ہوئے ڈوب کر جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو کی جانب سے لاش کی تلاش کے لئے آپریشن جاری ہے۔ تاحال نعش نہ مل سکی ہے

مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف وارداتوں میں متعدد شہری لٹ گئے۔ جمیل عظیم سے پلی میتلے کے قریب دو نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر نقدی 65 ہزار روپے اور موبائل فون چھین لیا غالب کے کے قریب تین نامعلوم ملزمان نے اسلحہ کے زور پر غلام حسین سے نقدی 38 ہزار روپے اور تین عدد اے ٹی ایم کارڈ و دیگر دستاویزات چھین لیں جھارانوالہ میں عبدالحق کے گھر سے نقدی 46 ہزار روپے، دو عدد رگڑائی والی مشینیں، سلائی مشین اور گھریلو سامان چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

شادی شدی بیٹی 25 سالہ (ا) کو حیدر علی اپنی بہن اور بہنوئی اور دو نامعلوم کے ہمراہ گھر سے اغوا کر لیا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو مختلف واقعات میں دو خواتین اغوا۔ گلوٹیاں خورد میں غلام مصطفیٰ کی شادی شدی بیٹی 25 سالہ (ا) کو حیدر علی اپنی بہن اور بہنوئی اور دو نامعلوم کے ہمراہ گھر سے اغوا کر لیا اور 30 لاکھ روپے نقدی اور 5 تولے طلائی زیورات بھی چوری کر کے لے گئے آلومہاری بنت زہرہ کی بیٹی 12 سالہ (ع ب) گھر سے کھیلنے کیلئے گئے تو کسی نامعلوم نے اغوا کر لیا، مختلف واقعات میں تین موٹر سائیکلیں چوری۔ پٹرول پمپ سرانوالی سے محمد صداقت کی موٹر سائیکل چوری بڈھاگورائیہ میں یاسر نواز کی موٹر سائیکل اس کا شاگرد چاند گھر لے کر گیا جو گھر کے باہر سے چوری ہو گئی محلہ بجلی گھر میں فیصل مقصود کی موٹر سائیکل گھر کے سامنے سے چوری پولیس نے مقدمات درج کر لئے

ڈمپر نے موٹر سائیکل سوار کو کچل دیا، ڈرائیور فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا

نوجوان موقع پر جاں بحق، لواحقین کا احتجاج، کارروائی کا مطالبہ کیا ہے



شکرگڑھ (عمران عارف سے) اخلاصپور روڈ پر ستھرا پنجاب کچنی کے ڈمپر نے موٹر سائیکل سوار کو کچل دیا، ڈرائیور فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ نوجوان موقع پر جاں بحق، لواحقین کا احتجاج، کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شکرگڑھ سٹی کے علاقہ اخلاصپور روڈ پر بغدادی مسجد کے قریب ستھرا پنجاب کچنی کے تیز رفتار ڈمپر نے موٹر سائیکل سوار کو کچل دیا، جس سے موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ جاں بحق موٹر سائیکل سوار کو شناخت محمد آرائیاں کے حیدر علی کے نام سے ہوئی ہے۔ لواحقین اطلاع ملنے پر موقع پر پہنچے اور بچے کی ہلاکت پر نعش سے لپٹ کر روتے رہے۔ اور احتجاج کرتے ہوئے کاروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ حیدر علی کی نماز جنازہ ادا کر دی گئی۔ بچے کی اچانک موت پر علاقے کی ہر آنکھ اشک بار تھی۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامیہ کے افسران کا اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت ضلعی انتظامی

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) ہفتہ 21 جون 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ



تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے سطر پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مٹلوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

ہیلپ لائن 042-3636003

گمشدگی کا نذرات

میری اسٹیٹ لائف کی جاری لائف انشورنس پالیسی نمبر 619313034-9 مورخہ 15-08-2025 کو ہوا 3 ماہ بازار میرپور میں گم کر گم ہوچکی ہے۔ جس کا کوئی حساب کتاب حاصل نہ مل سکا ہے۔ جس کسی کو میرا پالیسی بک ملے براہ کرم واپس کرنے پر انعام دیا جائے گا۔ المشہر: ثمرین محمود ذوجہ ارشد رفیق فی مکان دوائیاں والا مقابل محلہ نذاری آباد کمیل ضلع جھنگ

گمشدگی کا نذرات

میرا پاسپورٹ نمبری CL6807002 مورخہ 08-05-2025 کو ہوا 3 بجے بازار میرپور میں گم کر گم ہوچکا ہے۔ جس کو بھی ملے براہ کرم واپس کرنے پر انعام دیا جائے گا۔ المشہر: محمد حسین دوغلہ بارسان کلاں مکان کمیل ضلع جھنگ

بقیہ 1

آن کے لیے ضروری ہے کہ جیسوئی دشت کروں میں ہم بھی کچھ بھیڑ کے لوگ تھے کرنے کی شیخی ظاہر نہیں کی جائے گی۔ اگر ایسا کیا گیا تو ہم بطور ادارہ اس کی مذمت کریں گے۔ ایرانی صدر نے ایرانی عوام سے بھی معذرت کی۔ ایرانی صدر نے کہا کہ ہم نے ایٹمی پروگرام کے لیے بہت محنت کی ہے اور ہم بطور قوم اس پر فخر کرتے ہیں۔ ایرانی صدر نے کہا کہ ہم نے ایٹمی پروگرام کے لیے بہت قربانیاں دی ہیں

حکومت پنجاب عوام کو صحت کی بہترین سہولتیں فراہم کر رہی ہے، وزیراعظم شہباز شریف

خواجہ سلمان رفیق سے آئی ڈی ایس آر لیبارٹری نیٹ ورک کے قیام کے حوالے سے یو کے ایچ ایس اے کے سینئر قیادت نے ملاقات کی

پبلک ہیلتھ لیب نیٹ ورک کے قیام کے بعد ہم انفیکشس ڈیزیز کو موثر رسپونڈ کرنے کے قابل ہو جائیں گے، وزیر صحت کی گفتگو

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں پنجاب میں آئی ڈی ایس آر لیبارٹری نیٹ ورک کے قیام کے حوالے سے یو کے ایچ ایس اے کے سینئر قیادت نے ملاقات کی۔ اس موقع پر پرنسپل سیکرٹری آپریشنز طارق محمود رحانی، ایڈیشنل سیکرٹری ٹیکنیکل ڈاکٹر محمد ہمایوں، ڈین انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ اے ڈی ڈاکٹر محمد سرتاج خٹک، ڈاکٹر سعید اختر بھٹی، انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ، پبلک ہیلتھ لیب و دیگر افسران موجود تھے۔ اس موقع پر سیکرٹری اور ایمرجنسی ڈیزیز اینڈ ایپیڈیمیالوجی پروفیسر سارہ، فضل، ڈاکٹر سعید اختر بھٹی، انسٹی ٹیوٹ آف پبلک ہیلتھ اے ڈاکٹر محمد سرتاج نے صحت پنجاب سے پبلک ہیلتھ لیب نیٹ ورک کیلئے تعلیکی (بقیہ نمبر 40)



لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق سے محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں یو کے ایچ ایس اے کے سینئر حکام کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ستوکتلہ میں ملازمہ کے بھیس میں خواتین نے گھر کا صفایا کر دیا

نقاب پوش خواتین نے اہل خانہ کو بے ہوش کر کے نقدی و زیورات لوٹ لیے

سی سی ٹی وی فوٹیج پولیس کے حوالے، ملزمہ خواتین کی تلاش کیلئے کارروائی جاری

لاہور (زیڈ این این) ستوکتلہ کے علاقے میں دو نقاب پوش خواتین گھریلو ملازمہ کے بھیس میں گھر میں داخل ہوئیں، گھر میں داخل ہوتے ہی خواتین نے اہل خانہ کو کسی معلوم طریقے سے بے ہوش کر دیا اور موقع سے 30 تولہ روپے نقدی اور تو لے سونے کے زیورات لے کر فرار ہو گئیں۔ متاثرہ خاندان نے فوری طور پر تھانہ ستوکتلہ میں مقدمہ درج کرانے کی درخواست دے دی ہے۔



نشتر کالونی میں شوہر کا بیوی پر چاقو سے حملہ، پولیس نے بچا لیا

گھریلو جھگڑے پر حملہ کرنے والا ملزم اسلم چاقو سمیت گرفتار، خاتون کی جان بچ گئی

پولیس نے 15 کی اطلاع پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گھر کے قریب سے پکڑا

لاہور (زیڈ این این) نشتر کالونی میں گھریلو جھگڑے نے خونریزی کی شکل اختیار کر لی، جہاں ایک شخص نے بیٹھک میں آکر اپنی بیوی کو چاقو سے قتل کرنے کی کوشش کی، تاہم پولیس کی بروقت کارروائی سے خاتون کی جان بچا لی گئی اور ملزم گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق واقعہ نشتر کالونی کے علاقے حیدر چوک میں پیش آیا، جہاں خاتون ضدیہ اپنی بہن کے گھر آئی ہوئی تھی۔ اس دوران ان کا شوہر اسلم وہاں پہنچا اور دونوں کے درمیان پرانے گھریلو تنازعات پر جھگڑا شروع ہو گیا۔ جھگڑے کے دوران اسلم نے غصے پر چاقو سے حملہ کرنے کی کوشش کی اور موقع سے فرار ہو گیا پولیس کو 15 پر اطلاع موصول ہوئی، جس پر ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کی ہدایت پر فوری کارروائی کی گئی۔

عمر فاروق پور عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا سمیت ملک بھر میں یکم محرم الحرام یوم حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا اور ساجد میں سیمینار اور شہروں میں ریلیاں نکالی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا میں یکم محرم الحرام کو یوم حضرت عمر فاروق کے موقع پر متعدد مساجد میں خطبہ جمعہ کا عنوان سیمینار اور مرکزی جگہ پر ریلی نکالی جائے گی دیگر اسلامی تنظیمات کرام کے ایام کو منایا جائے گا اس حوالے سے یکم محرم کو ریلی نکال کر یوم حضرت عمر فاروق کو عقیدت و احترام کے ساتھ منانے کا مقصد لوگوں کے دلوں میں خلفت صحابہ اور خلفائے راشدین کا احترام پیدا کرنا ہے۔



لاہور: ایک شخص نے سڑک کنارے کپڑوں کی دوکان سجا رکھی ہے

امریکہ اسرائیل اور بھارت عالمی دہشتگرد ہیں، جے یو آئی

عالم اسلام پر جاری مظالم پر امریکہ کی لابنگ فرموں کا وفد قرارداد پوری دنیا پر حیاں ہو چکا، مشترکہ بیان

لاہور (این این آئی) جمعیت علما اسلام (ف) کے رہنما مولانا حنیف الجبتی، مولانا مفتی شبیر یوسف زئی، مولانا ہمام الحق، مولانا سراج الحق، مسلم اقوام و ممالک کی مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ امریکہ، اسرائیل اور بھارت عالمی دہشتگرد ہے، امریکہ خطے کا امن چاہتا ہے تو اس کا خاتمہ کرے، عالم اسلام متحد نہ ہونے تو اس کا خمیازہ سب کو بھگتنا پڑے گا، عالم اسلام پر جاری مظالم پر امریکہ کی لابنگ فرموں کا وفد قرارداد پوری دنیا پر حیاں ہو چکا، انہوں نے کہا کہ امت مسلمہ کے اجتماعی مسائل، مسلم اقوام و ممالک کی خودمختاری اور باوقار حیثیت بحال کرنے کے لیے مسلم ممالک کے مابین اتحاد اور بہتر تعلقات ناگزیر ہو چکے ہیں، عالمی سامراج اور اس کے پالیسی ساز ادارے عالم اسلام کو کمزور صورت متحد دیکھنے کیلئے سٹیک ہولڈرز کے تحت عالم اسلام کو تقسیم کر رہے ہیں، دہشتگردی کے خاتمے کے لئے اوآئی سی قرارداد لائے۔

برطانیہ غزہ کے جرائم میں شرکت ختم کرے، مالہ کا خط

غزہ تک انسانی امداد کی فراہمی ممکن نہیں، اہم شخصیات کا برطانوی حکومت کو خط

لندن (این این آئی) نوبل انعام یافتہ مالالہ یوسف زئی کی اور اکاوئس، کھلاڑیوں اور ڈاکٹروں نے ایک خط پر دستخط کیے ہیں جس میں برطانیہ سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ غزہ میں ہونے والے جرائم میں شرکت ختم کرے۔ اس خط پر مالالہ یوسف زئی کے علاوہ برطانیہ کی (بقیہ نمبر 35)

ایران دو ہفتوں میں جوہری ہتھیار بنا سکتا ہے، ترجمان وائٹ ہاؤس

ایران کے پاس جوہری ہتھیار بنانے کیلئے سارے وسائل موجود ہیں، گفتگو

تہران (این این آئی) ترجمان وائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ ایران وہ ہفتوں میں جوہری ہتھیار بنا سکتا ہے اس کو صرف سپریم لیڈر کی منظوری چاہیے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس ترجمان نے بتایا کہ ایران کے پاس جوہری ہتھیار بنانے کیلئے سارے وسائل موجود ہیں



لاہور: بزرگ شہری سائیکل کے پیچھے دفنی سامان رکھ کر لے جا رہا ہے

امریکی فوج مشرق وسطیٰ میں اقدامات احتیاطی طور پر کر رہی، دو عہدے داران

امریکی سینٹرل کمانڈ نے احتیاطی طور پر خطے میں خون کی اضافی پیالیاں بھی جمع کر رکھی ہے، گفتگو

واشنگٹن (این این آئی) امریکہ کے دو فوجی حکام نے ڈی این این کو بتایا ہے کہ امریکی فوج نے مشرق وسطیٰ میں اپنے اتحادیوں اور اسوسیائی کی حفاظت کے لیے کئی اقدامات کیے ہیں کیونکہ اسرائیل اور ایران کے درمیان تنازع جاری ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دو عہدیداروں اور اس معاملے سے واقف ایک ذریعے نے بتایا کہ امریکی سینٹرل کمانڈ نے خطے میں خون کی اضافی پیالیاں بھی جمع کر رکھی ہے۔ یہ کہ بھی وقت امریکی افواج پر ممکنہ حملہ ہونے کی صورت میں معیاری طریقہ کار ہے۔ ایک اہلکار نے ان تبدیلیوں کو احتیاطی بنیاد پر منصوبہ بندی قرار دیا اور کہا کہ امریکہ ایرانی جوہری تنصیبات پر حملے میں اسرائیل کے ساتھ شامل ہونے کا فیصلہ کرتا ہے تو تہران کی خطے میں امریکی افواج اور اڈوں پر حملہ کرنے کی دھمکیوں کے تناظر میں ایسا کیا جا رہا ہے۔



ناروال: ریسکیو اہلکار دریائی پانی سے متاثر خاتون کو بحفاظت نکال رہا ہے

امریکی مدد کے بغیر اسرائیل ایران کا مقابلہ نہیں کر سکتا، باقر قالیباف

کہا ایران پر امن کی شرطیں تھوپی نہیں جا سکتیں اور نہ ہی ایران کو دباؤ کا شکار کیا جا سکتا ہے، گفتگو

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف نے کہا ہے کہ امریکا کی مدد کے بغیر اسرائیل ایک روز بھی ایران کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق ایک اخبار میں انہوں نے کہا کہ اسرائیل جنگ کو بڑھانا نہیں چاہتا ہے مگر طرف داری کا شکار امریکا کے صدر ٹرمپ ایسا ہونے دیں گے۔

نکانہ صاحب میں 550 مذہبی اقلیتی خاندانوں میں گرانٹس کی تقسیم

مذہبی اقلیتوں کا احساس شمولیت اور مساوی حقوق، وزیراعلیٰ پنجاب کا وژن ہے، صوبائی وزیر

08 ارب روپے کا فنڈ مذہبی اقلیتوں کی دیکھ بھال کے لیے رکھا گیا ہے، رمیش سنگھ اروڑہ



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا وژن ہے کہ صوبہ بھر میں مذہبی اقلیتوں کو اُنکے عقائد کے مطابق جائز مقام دلوایا جائے اور جس طرح ایک سال میں اسٹور، ہولی، دیوالی، بیساکھی، بابا گرونانک جی کا جنم دن اور دیگر تقاریبات کو منایا گیا وہ اقلیت دوست پنجاب کی ایک بہترین مثال ہے۔ حال ہی میں مذہبی اقلیتوں کی دیکھ بھال کے لئے (بقیہ نمبر 36)

رسول اکرم ﷺ کے ہر صحابی کا مقام افضل اور عظیم ہے، سنی علما کونسل

اہل بیت اور نبی کریم ﷺ کے صحابہ کا گستاخ دنیا اور آخرت دونوں میں ذلیل ہوگا، حافظ حسین احمد

توہین کو برداشت نہیں کریں گے۔ آئے دن ملک میں انتشار پھیلانے کی سازش ہوتی ہے، ہم اللہ، اسلام کی حفاظت کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں، ہر شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت یا صحابہ کرام کی گستاخی کرے گا، وہ دنیا و آخرت میں ذلیل و رسوا ہوگا۔

لاہور (این این آئی) سنی علما کونسل لاہور وحدت کی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ کے ہر صحابی کا مقام افضل اور عظیم ہے۔ مسلمان کسی صورت میں صحابہ کرام اور اہل بیت کی توہین کو برداشت نہیں کر سکتے۔ آئے دن ملک میں انتشار پھیلانے کی سازش ہوتی ہے، ہم اللہ، اسلام کی حفاظت کیلئے ہر قربانی دینے کو تیار ہیں، ہر شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت یا صحابہ کرام کی گستاخی کرے گا، وہ دنیا و آخرت میں ذلیل و رسوا ہوگا۔

سرگودھا، ٹک ٹاکر شاہد عباس عرف شیدو ویلا نے ہنستا بستا گھر اجاڑ دیا

خاتون کو بیرون ملک لیجانے کے بھانسہ دیکر زیادتی کی اور ایک لاکھ روپے ہتھیا لیے

خاتون نے مقدمہ درج کروا دیا، ملزم تاحال گرفتار نہ ہو سکا، پولیس مصروف تفتیش

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا شہر کے ٹک ٹاکر شہزاد ویلا نے خاتون کو بیرون ملک لے جانے کا جھانسہ دیکر زیادتی کا نشانہ بنانے کے بعد ویڈیو بنا کر بلیک میل کرتا رہا۔ خاتون کے مقدمہ درج کروانے پر ملزم شہزاد ویلا اور اسکے والد کو گرفتار کر لیا گیا۔ ملزم کے قبضہ سے موبائل فون اور لیپ ٹاپ برآمد کر لیا گیا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کروا دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم سرگودھا شہر کے علاقہ بلاک 16 کے ایک تاجر کا بیٹا ہے جس نے پولیس مصروف تفتیش ہے۔

عدالتوں میں اردو زبان کا استعمال لاہور ہائیکورٹ کا بڑا فیصلہ

پنجاب کی ماتحت عدالتوں میں آج تک اردو زبان سے متعلق نوٹیفکیشن پر عمل نہیں ہوا

عدالت کی رجسٹرار کو عدالتی فیصلے کی کاپی جمع کروانے اور وزارت قانون و انصاف کو بھجوانے کی ہدایت

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس جسٹس طارق ندیم کے کیا کہ ماتحت عدالتوں میں اردو زبان کے استعمال کے حوالے سے 1973 کا نوٹیفکیشن موجود ہے۔ جسٹس طارق ندیم نے کہا کہ پنجاب کی ماتحت عدالتوں (بقیہ نمبر 38)

گوجرخان میں غیر قانونی شکار چھاپہ، 13 نایاب پرندے بازیاب، دو افراد گرفتار

وائلڈ لائف رینجرز کا آپریشن، ملزمان کے خلاف چالان، پرندے قدرتی ماحول میں چھوڑ دیے گئے

فرنچر شاپ سے تیتر و بٹیر برآمد، 60 ہزار جرمانہ، عدالت کے حکم پر آزاد، ترجمان محکمہ وائلڈ لائف

لاہور (زیڈ این این) سینئر مریم نواز و گنجیب اور گیگر جنگلات و جنگلی حیات پنجاب مٹر ریاض ملک کی ہدایت پر صوبہ بھر میں جنگلی جانوروں اور پرندوں کی غیر قانونی تجارت کے خلاف جاری کارروائیوں کے تحت وائلڈ لائف رینجرز نے اہم کامیابی حاصل کی۔ چیف وائلڈ لائف رینجر نیشن الحق کی زیر نگرانی گوجرخان میں اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر ضلع راولپنڈی رضوانہ عزیز کی سربراہی میں خفیہ اطلاع پر شوکی ایک نجی فرنچر شاپ پر چھاپہ مارا گیا۔

خواتین ورکرز کیلئے سوشل سیکیورٹی کنٹری بیوشن کم، مردوں کی بیروزگاری کا خدشہ

ادارے نے خواتین کیلئے شرح 6 سے 3 فیصد کی

فیکٹری مالکان کو بڑا فائدہ، ماہرین نے مرد ورکرز کے روزگار کے تحفظ کا مطالبہ

لاہور (زیڈ این این) پنجاب سوشل سیکیورٹی ادارے نے خواتین ورکرز کیلئے سوشل سیکیورٹی کنٹری بیوشن کی شرح 6 فیصد سے کم کر کے 3 فیصد کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے، جس کے بعد فیکٹری مالکان کو خواتین کی



لاہور: پولیس اہلکار جیٹسکی اور موٹر سائیکل پر تین افراد کے سوار ہونے پر پابندی کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جا رہے ہیں

درخت کاٹنے والوں کیخلاف مقدمہ درج ہوگا، لاہور ہائیکورٹ کا سخت حکم

کینال روڈ پر بلیو بزنس نصوبے میں درخت کٹنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، جسٹس شاہد کریم کے ریمارکس

لاہور (زیڈ این این) لاہور ہائیکورٹ نے ماحولیاتی تحفظ سے متعلق اہم کیس کی سماعت کرتے ہوئے درخت کاٹنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دے دیا۔ جسٹس شاہد کریم نے واضح کر دیا کہ درخت کاٹنے پر مقدمہ درج اور تاوان عدالت کی کارروائی مکمل ہونے تک ملزمان کی گرفتاری نہیں ڈالی جائے گی۔ سماعت کے دوران عدالت نے محکمہ ماحولیات کی جانب سے ریپورٹ طلب کی تو بریفنگ دینے والے افسر کا کہنا تھا کہ ریپورٹ تیار ہے، تاہم محکمہ کے وکیل نے کہا کہ ریپورٹ ابھی تک موصول نہیں ہوئی۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ ریپورٹ کے بغیر کیس کو آگے نہیں بڑھایا جا سکتا۔ عدالت نے کینال روڈ پر درخت کاٹنے کی اجازت پر گزشتہ روز سے عائد پابندی برقرار رکھتے ہوئے کیس کی سماعت 25 جون تک ملتوی کر دی۔

پالیسی ریٹ کو برقرار رکھنا منظوری کے مراحل میں موجود بجٹ پر منفی اثرات ڈال سکتا ہے: خانم حسین

ڈسکاؤنٹ ریٹ میں کمی نہ کی گئی تو بجٹ سرپلس کے ہدف پر بھی خطرناکی کی ضرورت پیش آسکتی ہے، تاجر رہنما

لاہور (زیڈ این این) فاؤنڈ گروپ کے سرگرم رکن، پاکستان سلون ڈویلپمنٹ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن، سینئر نائب صدر فیئر پورڈ بورڈ آف ڈائریکٹرز اور سابق چیئرمین چیمبر آف کامرس خانم حسین نے کہا ہے کہ پالیسی ریٹ کو برقرار رکھنا مالی سال 2025-26 کے بجٹ پر عوامی منظوری کے مراحل میں ہے اس پر منفی اثرات ڈال سکتا ہے، حکومت نے آئندہ مالی سال کے لیے 738.677 روپے کے شرح سود کا تخمینہ لگایا گیا ہے جو رواں مالی سال کے نظرثانی شدہ تخمینوں کے مقابلے میں بے طلاکنہ حقیقی پیک قرضوں میں 3.438 کھرب روپے کا بھاری اضافہ ہوا ہے۔

لاہور کی ڈیڑھ لاکھ سٹریٹ لائٹس بند، روشنیوں کا شہر اندھیروں میں ڈوبنے لگا

لائٹس کی مرمت سست روی کا شکار، نیپسا نے ورآمد شدہ نمونہ جات مسترد کر دیئے

لاہور (زیڈ این این) لاکھوں کا شہر لاہور ان دنوں اندھیروں میں ڈوبا ہوا ہے، جہاں ڈیڑھ لاکھ سے زائد سٹریٹ لائٹس بند پڑی ہیں اور ان کی بحالی کا عمل مسلسل تاخیر کا شکار ہو رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت شہری 2 لاکھ 72 ہزار سٹریٹ لائٹس کی مرمت اور بحالی کا منصوبہ شروع کیا گیا تھا، جس کے پہلے مرحلے میں 1 لاکھ 50 ہزار بند پوائنٹس کی نشاندہی ہو چکی ہے۔

اعلان تقرری



محمد شریف

کورٹ رپورٹر کوٹ رادھا کشن

0308-8706132

مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔

ادارہ

چیف ایڈیٹر — میاں محمد فیاض

بیورو چیف ایڈیٹر — صوف الطاف چوہدری

سینئر گروپ ایڈیٹر — ڈاکٹر محمد حسن محمود

ایڈیٹر — امداد اللہ قریشی

سینئر ایڈیٹر — چودری عمران ثوکت

ایڈیٹر — محمد شیر زمیاں

لیگل ایڈوائزر — بیرسٹر شیخ ایڈووکیٹ ہیرسٹ ایٹ لا

بیلجیئم حسن یوسف سے تجارت پر پابندی سے چھپوا کے 14 دیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2، 1 بیسمنٹ کمپلیکس 18 دیوس روڈ لاہور